صنعت وتجارت کا حقیقی ترجمان

ہفت روزہ

تجارت نیوز کراچی

E-mail:info@tijaratnews.tv
Cell: 03070610770

چیف ایڈیٹر: بسّید وحید شاہ
ایڈیٹر: محمد صغیر

جلد:25 شمارہ:37 | 08 تا 14 ستمبر 2025ء | صفحات:4 | قیمت:15

حکومت نے تنخواہ دار طبقے سے 2 ماہ میں 85 ارب روپے ٹیکس وصول کرلیا

نان کارپورٹ ملازمین سے 41 ارب روپے، کارپورٹ ملازمین سے 20 ارب روپے ٹیکس وصول، صوبائی سرکاری ملازمین سے ساڑھے 10 ارب وصولی کی گئی

ایف بی آر اگست میں مقررہ 951 ارب روپے کے ہدف کے مقابلے میں صرف 901 ارب روپے جمع کرسکا، جس کے باعث 50 ارب روپے کی کمی ریکارڈ ہوئی

اسلام آباد (مانیٹرنگ ڈیسک) حکومت نے تنخواہ دار طبقے سے 2 ماہ میں 85 ارب روپے ٹیکس وصول کرلیا۔ فیڈرل بورڈ آف ریونیو (ایف بی آر) کے مطابق مالی سال 2025-26 کے ابتدائی 2 ماہ (جولائی اور اگست) کے دوران تنخواہ دار طبقے سے 85 ارب روپے انکم ٹیکس وصول کیا گیا، جو گزشتہ سال اسی عرصے کے مقابلے میں 21 فیصد زیادہ ہے۔ گزشتہ سال ان 2 ماہ میں 70 ارب روپے ٹیکس وصول ہوا تھا، اس طرح رواں مالی سال کے ابتدائی عرصے میں 15 ارب روپے کا اضافہ ریکارڈ کیا گیا۔ اعداد و شمار کے مطابق، نان کارپورٹ ملازمین نے 41 ارب روپے، کارپورٹ ملازمین نے 20 ارب روپے ٹیکس دیا۔ صوبائی سرکاری ملازمین کی جانب سے ساڑھے 10 ارب جبکہ وفاقی ملازمین سے 7.6 ارب روپے انکم ٹیکس وصول کیا گیا۔ بڑے پنشنرز پر عاید نئے ٹیکس سے 2 ماہ میں صرف 18 کروڑ روپے حاصل (باقی صفحہ 03 بقیہ نمبر 01)

اسمگل گاڑیوں کو قانونی بنانے کا انکشاف، 7 مقدمات درج، 13 افراد گرفتار، دو کسٹمز آفیسر معطل

نیلام شدہ گاڑیوں کی 1,909 تفصیلات سسٹم میں اپ لوڈ ہوئیں، 103 گاڑیاں جعلی یوزر آئی ڈیز کے ذریعے داخل کی گئیں

43 گاڑیاں ایم آر ایز نے پہلے ہی رجسٹر کرلی تھیں اور یوں اسمگل شدہ گاڑیوں کو قانونی حیثیت دے دی گئی تھی

اسلام آباد (مانیٹرنگ ڈیسک) ایف بی آر نے 2021ء میں ضبط شدہ اسمگلڈ گاڑیوں کی نیلامی کے بعد ہونے والی بے ضابطگیوں کو روکنے کے لیے وی بوک (WeBOC) نظام میں آکشن ماڈیول متعارف کرایا تھا، اس کے ذریعے موٹر رجسٹریشن اتھارٹیز (ایم آر ایز) کو یہ سہولت دی گئی کہ وہ گاڑیوں کے نیلامی ریکارڈ کو آن لائن چیک کرسکیں تاکہ دستی اور کاغذی تصدیق پر انحصار کم ہو اور خریداروں کو شفافیت کے ساتھ سہولت میسر آئے۔ ایف بی آر کے مطابق تاہم جولائی 2025ء میں اس (باقی صفحہ 03 بقیہ نمبر 02)

پنجاب میں اونچے درجے کے سیلاب کا الرٹ جاری

بھارتی ہائی کمیشن کی سیلابی صورتحال پر مزید معلومات فراہم، ستلج پر پانی کے بہاؤ میں مزید اضافہ ہوگا

جلال پور پیروالا میں ریسکیو آپریشن میں پاک فوج کی 14 کشتیاں حصہ لے رہی ہیں، سی پی او ملتان

ملتان (مانیٹرنگ ڈیسک) بھارت کی جانب سے پاکستان کو سیلاب سے متعلق نئی معلومات فراہم کرنے کے بعد پنجاب میں اونچے درجے کے سیلاب کا الرٹ جاری کردیا گیا جب کہ جلال پور پیروالا میں سیلاب کے باعث صورتحال خراب ہونے کے بعد پاک فوج کو مدد کے لیے طلب کرلیا گیا ہے۔ پی ڈی ایم اے پنجاب کی جانب سے جاری بیان کے مطابق بھارتی ہائی کمیشن نے پاکستان کو سیلابی صورتحال پر معلومات فراہم کی ہیں جس کے مطابق دریائے ستلج پر پانی کے بہاؤ میں مزید اضافہ ہوگا، دریائے ستلج میں ہر یکے زیریں اسٹریم اور فیروز پور زیریں اسٹریم میں اونچے درجے کا سیلاب ہے۔ پی ڈی ایم اے پنجاب نے ہر یکے زیریں اور فیروز پور زیریں میں اونچے درجے کے سیلاب کا الرٹ جاری کرتے ہوئے مقامی انتظامیہ کو شہریوں کی جان و مال کا تحفظ یقینی (باقی صفحہ 03 بقیہ نمبر 32)

اسلام آباد: پاک چین زرعی سرمایہ کاری کانفرنس کے دوران پاکستان اور چین کے درمیان دستاویزات پر دستخط کیے جارہے ہیں

زرعی انقلاب کی بنیاد، پاکستان اور چین کے درمیان 4 ارب ڈالر کے زرعی معاہدے

کانفرنس میں دونوں ممالک نے زرعی تعاون کو فروغ دینے کے لیے 24 اہم مفاہمتی یادداشتوں پر اتفاق کیا، ان معاہدوں میں جدید زرعی مشینری، بیج سازی اور سمارٹ ایگریکلچر جیسے منصوبے شامل ہیں

پریسیژن ایگریکلچر کے ذریعے ڈیٹا پر مبنی فیصلے ممکن ہوں گے، جس سے زرعی پیداوار میں نمایاں اضافہ ہوگا، اس کے نتیجے میں نہ صرف پاکستان کی غذائی سلامتی مضبوط ہوگی بلکہ زرعی برآمدات میں بھی خاطر خواہ اضافہ ممکن ہوگا

اسلام آباد (مانیٹرنگ ڈیسک) حال ہی میں منعقدہ پاک چین زرعی سرمایہ کاری کانفرنس کے دوران پاکستان اور چین کے درمیان زرعی شعبے میں 4 ارب ڈالر سے زائد مالیت کے تاریخی معاہدے طے پاگئے۔ وفاقی وزیر برائے نیشنل فوڈ سیکیورٹی اینڈ ریسرچ، رانا تنویر حسین نے اس موقع کو پاکستان کے لیے ایک اہم سنگ میل قرار دیا۔ کانفرنس میں دونوں ممالک نے زرعی تعاون کو فروغ دینے کے لیے 24 اہم مفاہمتی یادداشتوں پر اتفاق کیا، ان معاہدوں میں جدید زرعی مشینری، بیج سازی (development seed) اور سمارٹ ایگریکلچر جیسے منصوبے شامل ہیں جو پاکستان کی زراعت میں جدید ٹیکنالوجی کے ذریعے بہتری لانے میں مددگار ثابت ہوں گے۔ رانا تنویر حسین نے زور دیا کہ پریسیژن (باقی صفحہ 03 بقیہ نمبر 04)

ہر پل کی تجارتی خبریں، صرف تجارت نیوز پر
یوٹیوب پر جاکر Tijarat News کو سبسکرائب کریں اور اپنی قیمتی آراء سے ہمیں آگاہ کریں
اپنی تجارتی خبروں کو نشر کروانے اور پروگراموں کی میڈیا کوریج کیلئے ہمارے آفیشل ای میل ایڈریس اور واٹس ایپ نمبر پر رابطہ کریں
SUBSCRIBE NOW
TIJARAT NEWS
YouTube
info@tijaratnews.tv 0307-0610770

پاکستان: گیس ذخائر میں 4.6 فیصد اضافہ ہوا

چھ ماہ کے دوران گیس کی قومی پیداوار 621 ارب کیوبک فٹ (بی سی ایف) تک پہنچ گئی

گیس کے موجودہ ذخائر کا حجم 18 ہزار 981 بی سی ایف تک بڑھ چکا ہے

اسلام آباد (کامرس رپورٹر) پاکستان میں گیس کے دریافت ذخائر میں گزشتہ 6 ماہ کے دوران 4.6 فیصد اضافہ ہوا ہے، اس دوران گیس کی قومی پیداوار 621 ارب کیوبک فٹ (بی سی ایف) تک پہنچ گئی۔ ٹاپ لائن سیکورٹیز کے تجزیاتی اعداد و شمار کے مطابق دسمبر 2024 میں ملک میں گیس کے موجودہ ذخائر کا حجم 18 ہزار 142 بی سی ایف تھا جبکہ گیس کے موجودہ ذخائر کا حجم 18 ہزار 981 بی (باقی صفحہ 03 بقیہ نمبر 05)

کراچی: 12 ربیع الاول کے دن موبائل سروس بند، ڈبل سواری پر پابندی رہی

کراچی (اسٹاف رپورٹر) کراچی میں 12 ربیع الاول کے روز مختلف علاقوں میں موبائل سروس بند کردی گئی جب کہ دفعہ 144 کے تحت ڈبل سواری پر بھی پابندی عائد کردی گئی۔ ایڈیشنل آئی جی کراچی جاوید عالم اوڈھو کی ہدایت پر پولیس نے فول پروف سیکورٹی پلان تشکیل دیا گیا۔ محکمہ داخلہ سندھ کو خط لکھ کر مخصوص علاقوں میں (باقی صفحہ 03 بقیہ نمبر 06)

کراچی کے مختلف علاقوں میں مون سون کا طاقتور اسپیل

موسم خوش گوار، شدید موسلا دھار بارش سے اربن فلڈنگ کی صورتحال پیدا ہوسکتی ہے

عوام کو مشورہ دیا جاتا ہے کہ موسمی سرگرمی کے دوران احتیاطی تدابیر اختیار کریں

کراچی (مانیٹرنگ ڈیسک) مون سون کے طاقتور اسپیل کے تحت کراچی کے مضافاتی علاقوں میں تیز بارش سے گرمی کا زور ٹوٹ گیا جبکہ موسم بھی خوش گوار ہوگیا۔ محکمہ موسمیات کے مطابق جنوب مغربی راجستھان (انڈیا) سے صوبہ سندھ پر مون سون ہوائیں مسلسل اثر انداز ہورہی ہیں۔ تک وقفے وقفے سے تیز ہواؤں اور گرج چمک کے ساتھ درمیانی و موسلا دھار بارشوں کا (باقی صفحہ 03 بقیہ نمبر 07)

ڈی جی ڈپارٹمنٹ آف پلانٹ پروٹیکشن کے خلاف توہین عدالت کی کارروائی شروع

ڈائریکٹر کورنٹائن عبدالباسط اور ڈی جی پلانٹ پروٹیکشن طاہر عباس اس وقت خود پارٹی بنے ہوئے ہیں اور حقیقی امپورٹرز کو بلاوجہ تنگ کیا جارہا ہے

اس اہم ترین معاملے کی چھان بین کے لیے جوائنٹ سیکرٹری بلال حیدر کو وزیراعظم ہاؤس طلب کیا گیا ہے

اسلام آباد (کامرس رپورٹر) اسلام آباد ہائی کورٹ نے توہین عدالت کا نوٹس جاری کرتے ہوئے منسٹری آف نیشنل فوڈ سیکیورٹی اینڈ ریسرچ کے تعینات کردہ ڈائریکٹر جنرل ڈپارٹمنٹ آف پلانٹ پروٹیکشن طاہر عباس کو ذاتی حیثیت میں طلب کرلیا ہے۔ اطلاعات کے مطابق ایڈووکیٹ شفقت چوہان معزز عدالت میں پیش ہوئے اور درخواست گزار کی جانب سے موقف اختیار کیا کہ ڈائریکٹر ڈی پی پی طاہر عباس اسلام آباد ہائی کورٹ کے احکامات کو ماننے سے انکار کررہے ہیں۔ جبکہ چار امپورٹرز کی جانب سے اسلام آباد ہائی کورٹ میں توہین عدالت کا مقدمہ بھی دائر کیا گیا کہ طاہر عباس معزز عدالت کی جانب (باقی صفحہ 03 بقیہ نمبر 08)

کسٹمز میں اصلاحات، تاجروں کو گرین چینل کی سہولت فراہم کرنے کا فیصلہ

تجارتی برادری کے ساتھ تفصیلی اور مشاورتی نشست میں کسٹمز اپیریزمنٹ سے متعلق ان کے مسائل اور شکایات پر بات چیت کی، چیف کلیکٹر کسٹمز واجد علی

تاجروں کو ڈیمرج، ڈیٹینشن چارجز، اسٹوریج لاگت اور سرمایہ کاری کے بلاک ہونے کے سبب مالی نقصان برداشت کرنا پڑ رہا ہے، عاطف اکرام شیخ

کراچی (کامرس رپورٹر) چیف کلیکٹر کسٹمز واجد علی نے کہا ہے کہ 80 فیصد سے زائد تاجر، خصوصاً صنعتی درآمد کنندگان، اپنے کنسائنمنٹس ایمانداری سے ظاہر کرتے ہیں جس کے پیش نظر حکام اس نظام کو مزید مضبوط بنا کر اہل تاجروں کو گرین چینل کی سہولت فراہم کرنے کا ارادہ رکھتے ہیں۔ قابل ذکر بات یہ ہے کہ واجد علی نے ایف پی سی سی آئی ہیڈ آفس کا دورہ کیا، جہاں بزنس، صنعت اور تجارتی برادری کے ساتھ تفصیلی اور مشاورتی نشست میں کسٹمز اپیریزمنٹ سے متعلق ان کے مسائل اور شکایات پر بات چیت کی گئی۔ انہوں نے مزید کہا کہ کسٹمز ڈپارٹمنٹ کو مزید موثر، کاروبار دوست، شفاف اور منصفانہ بنانے کے (باقی صفحہ 03 بقیہ نمبر 09)

اسٹیٹ بینک کی خودکار بینکاری تیز کرنے کی حکمت عملی شروع

اس مقصد کے لیے اپنے منصوبے تیار کریں اور 30 نومبر 2025 تک اسٹیٹ بینک کے ساتھ شیئر کریں

کراچی (کامرس رپورٹر) اسٹیٹ بینک آف پاکستان نے بینکوں کو ہدایت دی ہے کہ وہ کیلنڈر ایئر 2028 تک اپنی شاخوں کے کم از کم 25 فیصد نیٹ ورک کو کیش ڈپازٹ مشینز (سی ڈی ایمز) سے لیس کریں، یہ اقدام خودکار بینکاری اور ڈیجیٹائزیشن اقدامات کو تیز (باقی صفحہ 03 بقیہ نمبر 13)

سونا مزید مہنگا ہوگیا، فی تولہ قیمت آسمان چھوگئی

12 ڈالر اضافہ سے نئی قیمت 3 ہزار 552 ڈالر فی اونس کی نئی بلند سطح پر پہنچ گئی

کراچی (مانیٹرنگ ڈیسک) سونا عالمی اور مقامی مارکیٹوں میں مزید مہنگا ہوگیا اور قیمتیں آسمان کو چھو رہی ہیں۔ بین الاقوامی بلین مارکیٹ میں فی اونس سونے کی قیمت میں 12 ڈالر کا اضافہ ہونے سے نئی قیمت 3 ہزار 552 ڈالر فی اونس کی نئی بلند سطح پر پہنچ گئی ہے۔ دوسری جانب (باقی صفحہ 03 بقیہ نمبر 12)

زرمبادلہ مارکیٹوں میں روپے کے مقابلے میں ڈالر کمزور

سرمایہ کاروں کی پاکستان میں بڑھتی دلچسپی نے سرمایہ کاروں کے اعتماد میں اضافہ دیکھا گیا

کراچی (مانیٹرنگ ڈیسک) رواں سال کے قرضوں کی ادائیگی کے انتظامات مکمل ہونے اور امریکا، چین سمیت بڑے ممالک کی پاکستان کو اپنی معاشی ترجیحات میں شامل کرنے کے بعد گزشتہ ہفتے بھی روپے کے مقابلے میں ڈالر کمزور رہا۔ ہفتہ وار رپورٹ کے مطابق چین (باقی صفحہ 03 بقیہ نمبر 11)

انٹر بینک اور اوپن مارکیٹ میں ڈالر کی قدر میں مزید کمی

اوپن کرنسی مارکیٹ میں بھی ڈالر کی قدر مزید 10 پیسے کی کمی سے 283 روپے 10 پیسے کی سطح پر بند ہوئی

کراچی (مانیٹرنگ ڈیسک) انٹر بینک اور اوپن مارکیٹ میں مسلسل 21 ویں روز بھی ڈالر کے مقابلے میں روپے کی قدر میں اضافہ ریکارڈ کیا گیا۔ ایکسپریس نیوز کے مطابق عالمی مارکیٹ میں مسلسل تیسرے روز بھی خام تیل کی قیمت میں کمی کے رجحان سے درآمدی بل میں ممکنہ کمی، سیلاب (باقی صفحہ 03 بقیہ نمبر 10)

ایک ماہ میں آٹا 38 روپے فی کلو تک مہنگا ہوگیا، حکومت خاموش

اگست کے دوسرے ہفتے سے ذخیرہ اندوز مافیا نے گندم کے نرخ بڑھانے شروع کردیے، جس کے باعث آٹے کے نرخوں میں بھی مسلسل اضافہ ہوتا چلا گیا

4 ستمبر تک 100 کلوگرام بوری 9700 روپے سے 9800 روپے تک رہی، اندازہ لگایا جاسکتا ہے کہ فی کلوگرام گندم کے نرخ 97 سے 98 روپے تک بڑھ چکے ہیں

کراچی (کامرس رپورٹر) طویل عرصے کے بعد گندم مافیا نے ایک بار پھر عوام کو اپنے نشانے پر رکھ لیا ہے۔ جس کے باعث گزشتہ 35 دنوں کے دوران فی کلوگرام آٹے کی نرخوں میں 34 روپے 50 پیسے سے لے کر 38 روپے 50 پیسے تک کا ہوشربا اضافہ ہوگیا ہے۔ جس سے ملک بھر کے صارفین پر اُلٹے کی مد میں ماہانہ ایک کھرب روپے سے بھی زائد کا بوجھ پڑ گیا ہے۔ جبکہ صرف سندھ کے عوام پر (باقی صفحہ 03 بقیہ نمبر 14)

کراچی: وزیر اعلیٰ سندھ سید مراد علی شاہ سے نئے امریکی قونصل جنرل ملاقات کررہے ہیں

لاہور: دریائے راوی سے اونچے درجے کے سیلابی پانی کا ریلا گزر رہا ہے جبکہ ملحقہ آبادیاں پانی میں ڈوبی ہوئی ہیں

ایکسپورٹ فنانسنگ اسکیم میں بے ضابطگیاں، دو ماہ میں تجارتی خسارہ 6 ارب ڈالر تک پہنچ گیا

درآمدی بل بھی بڑھا ہوا رجحان ظاہر کرتا ہے کیونکہ یہ 4.97 ارب ڈالر کے مقابلے میں 5.29 ارب ڈالر ریکارڈ کیا گیا

ٹیکسٹائل برآمد کنندگان کو خام مال کی درآمد پر جی ایس ٹی اور کسٹمز ڈیوٹیز ادا کرنا پڑ رہی ہیں، جس نے انہیں عالمی منڈی میں غیر مسابقتی بنا دیا ہے

کراچی (مانیٹرنگ ڈیسک) رواں مالی سال 2026 کے ابتدائی دو ماہ (جولائی تا اگست) کے دوران تجارتی خسارہ 29 فیصد بڑھ گیا جب کہ اگست کے دوران برآمدات سالانہ بنیاد پر 12.49 فیصد کم ہوئیں۔ ادارہ شماریات کے مطابق مالی سال 2026 کے جولائی تا اگست میں ملکی برآمدات 5.10 ارب ڈالر رہیں 36 (باقی صفحہ 03 بقیہ نمبر 19)

تجارتی تعلقات: عمان پاکستان کاروباری فورم کا انعقاد

فورم میں نجی شعبوں میں باہمی تعاون اور سرمایہ کاری کے فروغ پر زور دیا گیا

اسلام آباد (مانیٹرنگ ڈیسک) ایس آئی ایف سی کی کوششوں سے خطے میں پاکستان کے تجارتی اور معاشی روابط مضبوط ہو رہے ہیں، اسی سلسلے کے تحت عمان ایوان صنعت و تجارت کی جانب سے مسقط میں عمان پاکستان کاروباری فورم کا انعقاد کیا گیا۔ کاروباری فورم میں اعلیٰ حکام، سفارتکار اور کاروباری رہنماؤں نے شرکت کی جہاں مشترکہ سرمایہ کاری پر تبادلہ خیال (باقی صفحہ 03 بقیہ نمبر 15)

پاکستان اسٹاک ایکسچینج شاندار تیزی، انڈیکس کے تمام ریکارڈز ٹوٹ گئے

کاروباری ہفتے میں مارکیٹ کے مجموعی سرمایے میں 4 کھرب 77 ارب 34 کروڑ روپے سے زائد کا اضافہ

کے ایس ای 100 انڈیکس 5659.41 پوائنٹس اضافے سے نئی بلند ترین سطح 154277.19 پوائنٹس پر بند ہوا

کراچی (مانیٹرنگ ڈیسک) پاکستان اسٹاک ایکسچینج میں رواں ہفتے شاندار تیزی رہی، جس کے نتیجے میں کاروباری دنوں میں انڈیکس کے تمام ریکارڈز ٹوٹ گئے۔ وزیراعظم کے حالیہ دورۂ چین میں اقتصادی پیشرفت، سی پیک فیز ٹو کے آغاز اور نئے سرمایہ کاری معاہدوں کے اثرات بازار حصص پر نمایاں دکھائی دیے (باقی صفحہ 03 بقیہ نمبر 21)

کپاس کی آمد میں بہتری، سندھ اور پنجاب میں اضافہ

مجموعی طور پر کپاس کی آمد 1.336 ملین بیلز تک پہنچ گئی، رپورٹ

کراچی (کامرس رپورٹر) پاکستان میں کپاس کی آمد میں 31 اگست 2025 تک پچھلے سال کے مقابلے میں 9 فیصد بہتری دیکھی گئی۔ یہ معلومات بدھ کو پاکستان کپاس جنرز ایسوسی ایشن نے جاری کیں۔ رپورٹ کے مطابق مجموعی طور پر کپاس کی آمد 1.336 ملین بیلز تک پہنچ گئی جب کہ 31 اگست 2024 کو یہ تعداد 1.226 ملین بیلز تھی، یعنی 0.11 ملین بیلز (باقی صفحہ 03 بقیہ نمبر 16)

ڈیجیٹل کرنسی پر ایک لاکھ ڈالر کی حد برقرار، نیا قانون زیر غور

ڈیجیٹل کرنسی کی قدر روپے کے برابر ہوگی اور اسٹیٹ بینک اسے مکمل کنٹرول کرے گا

اسلام آباد (مانیٹرنگ ڈیسک) سینیٹ کی قائمہ کمیٹی برائے خزانہ کو اسٹیٹ بینک آف پاکستان کے قائم مقام ڈپٹی گورنر ڈاکٹر عنایت حسین نے بتایا کہ ڈیجیٹل کرنسیز اور اثاثوں کی بیرون ملک منتقلی پر فارن ایکسچینج ریگولیشن ایکٹ (FERA) کے تحت سالانہ ایک لاکھ ڈالر کی حد لاگو ہے (باقی صفحہ 03 بقیہ نمبر 22)

کراچی چیمبر اور یونان پاکستان چیمبر کے درمیان یادداشت پر دستخط

کراچی چیمبر کے سینئر نائب صدر ضیاء العارفین اور بانی صدر جی پی سی آئی روبینہ مار کو پولونے دستخط کیے

کراچی (کامرس رپورٹر) کراچی چیمبر آف کامرس اینڈ انڈسٹری (کے سی سی آئی) اور یونان پاکستان چیمبر آف کامرس اینڈ انڈسٹری (جی پی سی سی آئی) کے درمیان باہمی مفاہمت کی یادداشت (ایم او یو) پر دستخط ہوئے ہیں جس کے تحت دونوں چیمبرز نے براہ راست اور مؤثر تجارتی تعلقات کو فروغ دینے، واضح راہ متعین کرنے اور باہمی کاروباری رابطوں (باقی صفحہ 03 بقیہ نمبر 17)

امریکا میں منعقدہ ٹیکسٹائل نمائش کلین شو میں پاکستان کی بھرپور شرکت

نمائش میں 20 ممالک سے 393 نمائش کنندگان اور بڑی تعداد میں تاجر و خریدار شریک ہوئے

کراچی (کامرس رپورٹر) شمالی امریکا کی ریاست اور لینڈو میں تین برس کے وقفے کے بعد منعقدہ ہونے والی ٹیکسٹائل کیئر، لانڈری، ڈرائی کلیننگ، ایسیسریز و سپلائی کی نمائش کلین شو میں پاکستان نے بھرپور شرکت کی اور دنیا بھر سے آئے ہوئے خریداروں کی توجہ حاصل کی۔ اس نمائش میں 20 ممالک سے 393 نمائش کنندگان اور دنیا بھر سے بڑی تعداد میں (باقی صفحہ 03 بقیہ نمبر 18)

وزیر ریلوے حنیف عباسی کراچی چیمبر کے صدر جاوید بلوانی سے شیلڈ وصول کررہے ہیں

کراچی: عید میلاد النبیؐ کے موقع پر ایک گلی کو خوبصورت برقی قمقموں سے سجایا گیا ہے

صنعت وتجارت کا حقیقی ترجمان

ہفت روزہ

تجارت نیوز کراچی

چیف ایڈیٹر: سیّد وحید شاہ

ایڈیٹر: محمد صغیر

E-MAIL:info@tigaratnews.tv 0307-0610770- فون جلد نمبر 25۔(شمارہ نمبر 37) 08 تا 14 ستمبر 2025

دنیا کے مختلف ممالک کا کرنسی ریٹ

Currency	Symbol	Buying	Selling
U.S. Dollar	USD	283.60 PKR	284.10 PKR
Euro	EUR	327.75 PKR	329.20 PKR
British Pound	GBP	379.20 PKR	380.70 PKR
UAE Dirham	AED	77.20 PKR	77.35 PKR
Saudi Riyal	SAR	75.50 PKR	75.65 PKR
Kuwaiti Dinar	KWD	917.75 PKR	925.75 PKR
Canadian Dollar	CAD	202.50 PKR	207.50 PKR
Australian Dollar	AUD	180.50 PKR	185.50 PKR
Omani Riyal	OMR	735.80 PKR	738.30 PKR
Japanese Yen	JPY	1.90 PKR	2.00 PKR
Malaysian Ringgit	MYR	66.40 PKR	67.00 PKR
Qatari Riyal	QAR	77.05 PKR	77.75 PKR
Bahrain Dinar	BHD	751.25 PKR	753.75 PKR
Thai Bhat	THB	8.58 PKR	8.73 PKR
Chinese Yuan	CNY	39.01 PKR	39.41 PKR
Hong Kong Dollar	HKD	35.88 PKR	36.23 PKR
Danish Krone	DKK	43.60 PKR	44.00 PKR
New Zealand Dollar	NZD	162.53 PKR	164.53 PKR
Singapore Dollar	SGD	217.00 PKR	224.00 PKR
Norwegians Krone	NOK	27.47 PKR	27.77 PKR
Swedish Krona	SEK	29.08 PKR	29.38 PKR
Swiss Franc	CHF	347.32 PKR	350.07 PKR
Indian Rupee	INR	3.15 PKR	3.24 PKR

پاکستان میں مختلف قیراط کے سونے کے نرخ

Gold Purity	Per Tola	Per 10 Gram
24k	Rs. 361,200	Rs. 309,680
22k	Rs. 331,100	Rs. 283,871
21k	Rs. 316,053	Rs. 270,971
20k	Rs. 301,080	Rs. 258,134
18k	Rs. 270,902	Rs. 232,260
14k	Rs. 210,709	Rs. 180,653
12k	Rs. 210,709	Rs. 154,840

پاکستان کے مختلف شہروں میں چاندی کا ریٹ

Location	10 Grams	1 Tola
Pakistan	Rs. 3,534	Rs. 4,117
Karachi	Rs. 3,534	Rs. 4,117
Lahore	Rs. 3,534	Rs. 4,117
Islamabad	Rs. 3,534	Rs. 4,117
Rawalpindi	Rs. 3,534	Rs. 4,117
Peshawar	Rs. 3,534	Rs. 4,117

پاکستان کے مختلف صوبوں میں CNG کے ریٹ

Product	Retail Price
CNG Region-I (Khyber Pukhtunkhwa, Baluchistan, Potohar region; Islamabad, Rawalpindi and Gujar Khan)	Rs. 0 /Kg
CNG Region-II (Sindh and Punjab excluding Potohar region)	Rs. 0 /Kg

پیٹرول کے ریٹ

Type	Price
Premium (Super)	Rs. 264.61 /Ltr
High Speed Diesel	Rs. 169.99 /Ltr
Light Speed Diesel	Rs. 159.76 /Ltr
Kerosene Oil	Rs. 176.81 /Ltr

ایسٹر آئی لینڈ پر 50 سے زائد آثار قدیمہ کے مقامات زیرِ آب آسکتے ہیں

کراچی (مانیٹرنگ ڈیسک) حال ہی میں ماہرین آثارِ قدیمہ اور ماحولیاتی سائنسدانوں نے بتایا ہے کہ ایسٹر آئی لینڈ پر 50 سے زائد آثار قدیمہ کے مقامات زیرِ آب آسکتے ہیں۔ رپورٹس کے مطابق ایسٹر آئی لینڈ، جو اپنے مشہور موآئی مجسموں کی وجہ سے دنیا بھر میں مشہور ہے، کو ماحولیاتی تبدیلی کے باعث خطرات لاحق ہیں۔ سمندری سطح میں مسلسل اضافہ اور erosion کی وجہ سے 50 سے زائد آثارِ قدیمہ کے مقامات پانی میں ڈوبنے کے خطرے میں ہیں۔ ان میں نہ صرف مشہور موآئی پتھر یلے مجسمے بلکہ قدیم رہائشی مقامات اور عبادتی جگہیں بھی شامل ہیں۔ سائنسدانوں کا کہنا ہے کہ اگر یہی رجحان جاری رہا تو اگلی چند دہائیوں میں ایسٹر آئی لینڈ کی ثقافتی وراثت کا ایک بڑا حصہ ناقابلِ تلافی نقصان کا شکار ہوسکتا ہے۔ واضح رہے کہ یہ مقام یونیسکو کے عالمی ثقافتی ورثے کی فہرست میں شامل ہے، اس لیے عالمی ماہرین اس پر تشویش کا اظہار کررہے ہیں۔

نیپال میں فیس بک سمیت متعدد سوشل میڈیا پلیٹ فارمز پر پابندی کا اعلان

نیپال (مانیٹرنگ ڈیسک) حکام کا مؤقف ہے کہ یہ پلیٹ فارمز اپنے غلط استعمال کے خلاف کارروائی میں حکومت کے ساتھ تعاون کرنے میں ناکام رہے ہیں نیپال نے فیس بک سمیت کئی بڑے سوشل میڈیا پلیٹ فارمز کو بند کرنے کا فیصلہ کرلیا ہے۔ غیر ملکی خبر رساں ادارے کے مطابق جمعرات کو حکومت کی جانب سے جاری بیان میں کہا گیا کہ ملک میں مخصوص سوشل میڈیا ایپس تک رسائی روک دی جائے گی۔ حکام کا مؤقف ہے کہ یہ پلیٹ فارمز اپنے غلط استعمال کے خلاف کارروائی میں حکومت کے ساتھ تعاون کرنے میں ناکام رہے ہیں۔ نیپالی حکومت نے دعویٰ کیا کہ جعلی اکاؤنٹس رکھنے والے افراد سوشل میڈیا پر افواہیں اور نفرت انگیز مواد پھیلا رہے ہیں جس سے سائبر کرائمز میں اضافہ اور معاشرتی ہم آہنگی متاثر ہورہی ہے۔ خیال رہے کہ نیپال کی 3 کروڑ کی آبادی میں سے 90 فیصد افراد انٹرنیٹ استعمال کرتے ہیں، جس کی وجہ سے اس مسئلے کی سنگینی مزید بڑھ گئی ہے۔ اس سے قبل حکام نے تمام سوشل میڈیا کمپنیوں کو بدھ تک کی مہلت دی تھی کہ وہ وزارت مواصلات اور انفارمیشن ٹیکنالوجی کے ساتھ رجسٹریشن کرائیں، مقامی رابطہ کار مقرر کریں، شکایات دیکھنے والا افسر نامزد کریں اور ضابطہ اخلاق پر عمل درآمد کو یقینی بنائیں، بصورت دیگر ان پر پابندی عائد کردی جائے گی۔ جمعرات ہی کے روز جاری ہونے والے سرکاری نوٹس کے مطابق نیپال ٹیلی کمیونیکیشن اتھارٹی کو ہدایت دی گئی کہ جو سوشل میڈیا پلیٹ فارمز حکومتی شرائط پر پورا نہیں اترتے انہیں فوری طور پر غیر فعال کردیا جائے۔

گواٹیمالا میں مایان تہذیب کا گمشدہ شہر دریافت

گواٹیمالا (مانیٹرنگ ڈیسک) گواٹیمالا میں ایک قدم مایان شہر دریافت ہوا ہے جو کہ ماہرین کی جانب سے گمشدہ تصور کیا جارہا تھا۔ ماہرین نے اس شہر کو 'لوس او بیلوس' کا نام دیا ہے۔ یہ شہر مایان تہذیب کی پرانی تاریخ اور پیچیدہ فنِ تعمیر کی حیران کن مثال پیش کرتا ہے۔ یہ شمالی گواٹیمالا کے قریب پیٹن خطے کے قریب دریافت ہوا ہے۔ یہ تقریباً 3,000 سال پرانا ہے اور Preclassic Middle دور سے (تقریباً 800–500 قبل مسیح) سے تعلق رکھتا ہے۔ اس شہر میں تقریباً 108 فٹ بلند ایک اہرام بھی پایا گیا ہے جس پر ابتدائی نقش موجود ہیں۔ اس میں قدرتی پانی کی نالیوں کا نظام بھی موجود ہے جو ایک پیچیدہ آبی نظام کی نمائندگی کرتے ہیں۔ یعنی لوس او بیلوس کے علاوہ دو اور قرب و جوار کے مقامات بھی ملے ہیں جو ممکنہ طور پر ایک مربوط ناحیاتی ساخت کا حصہ تھے۔ LiDAR ٹیکنالوجی نے گواٹیمالا کے پیٹن کے جنگلات میں 60,000 سے زائد پوشیدہ مایان ڈھانچے دریافت کیے ہیں جیسے مکانات، محلات، بلند شاہراہیں اور دفاعی ساختیں جو کہ مغرب کی عام توقعات سے کہیں زیادہ آبادی اور شہری نظام کی نشاندہی کرتے ہیں۔

خلا میں پھنسنے کا ڈرامہ، خاتون کو ہزاروں ڈالرز کا چونا لگا دیا

لندن (مانیٹرنگ ڈیسک) ایک واقعہ حال ہی میں خبروں کی زینت بنا ہے جس نے کافی لوگوں کو حیران کردیا ہے۔ رپورٹس کے مطابق جاپان میں ایک خاتون کے ساتھ آن لائن فراڈ ہوا جہاں ایک شخص نے خود کو روسی خلاباز ظاہر کیا جو بین الاقوامی خلائی اسٹیشن میں موجود ہے۔ جعلی خلاباز نے خاتون سے رابطہ کرکے کہا کہ وہ خلا میں پھنس گیا ہے اور زمین پر واپس آنے کے لیے رقم کی ضرورت ہے۔ خاتون کو یقین دلانے کے لیے اس نے خلا کی تصاویر اور خلائی مشن سے متعلق باتیں بھیجیں۔ "جعلی خلاباز" نے دعویٰ کیا کہ رومانوی/فراڈ اسکیم تھی اور اس کا خلا یا خلابازی سے کوئی تعلق نہیں تھا۔ یہ کیس اس بات کی مثال ہے کہ کس طرح جدید دور میں سوشل میڈیا اور ڈیجیٹل پلیٹ فارمز پر لوگ خلایا سائنسی مشنز جیسی چیزوں کا بھی سہارا لے کر دوسروں کو دھوکہ دیتے ہیں۔

کروشیا: سرکاری فنڈ سے مہنگے ریستوران میں دعوت اڑانے پر سابق وزیر کو سزا

زغرب (مانیٹرنگ ڈیسک) کروشیا کی سابق وزیر گبریلا زالچ کو سرکاری اور یورپی یونین کے فنڈز سے ریستورانوں میں شاہانہ کھانے کھانے کے جرم میں 7 ماہ قید کی سزا سنا دی گئی۔ گبریلا زالچ کو 2019 میں یورپی یونین فنڈز کی وزیر کے عہدے سے برطرف کیا گیا تھا۔ انہوں نے 9 بار ریستوران میں سرکاری خزانے سے 10 ہزار یورو خرچ کیے۔ مقامی میڈیا کا کہنا ہے کہ انہوں نے اپنی چالیسویں سالگرہ کی تقریب کے اخراجات بھی سرکاری فنڈ سے ادا کیے۔ تاہم الزامات ثابت ہونے کے بعد انہوں نے اعتراف جرم کر کے پوری رقم واپس کردی۔ واضح رہے کہ زالچ اس سے قبل بھی بدعنوانی کے الزامات میں سزا یافتہ ہیں۔ انہیں پہلی بار 2021ء میں گرفتار کیا گیا تھا۔

بیجنگ کے تمام پرائمری اور سیکنڈری اسکولوں میں مصنوعی ذہانت کی تعلیم کا آغاز

بیجنگ (مانیٹرنگ ڈیسک) چین نے دارالحکومت بیجنگ کے تمام پرائمری اور سیکنڈری اسکولوں میں مصنوعی ذہانت کی تعلیم کا آغاز کردیا۔ یہ اقدام (اے آئی) پلس انیشی ایٹو کو آگے بڑھانے والی چین کی ریاستی کونسل کے رہنما خطوط کی پیروی کرتا ہے، جو تعلیم پر مضبوط زور کے ساتھ متنوع صنعتوں میں مصنوعی ذہانت کے انضمام کو تیز کرتا ہے۔

سعودی عرب: ٹیکسی ڈرائیوروں اور مسافروں کے لیے خصوصی ہدایات

ریاض (مانیٹرنگ ڈیسک) سعودی عرب میں ٹرانسپورٹ جنرل اتھارٹی کی جانب سے اندرون شہر اور ائرپورٹس پر ٹیکسی سروس کے لیے نئے ضوابط جاری کردیے گئے۔ اتھارٹی نے ٹیکسیوں کے اندر اشتہاری اسکرین لگائے جانے کے حوالے سے عوامی سروے کے بعد مشروط منظوری جاری کی ہے جس کے مطابق اشتہاری اسکرین ایسی جگہ نصب کی جائے جس سے ڈرائیور کی توجہ متاثر نہ ہو۔ نئے ضوابط کے مطابق جنرل اور ائرپورٹ ٹیکسی کے لیے آپریشنل پرمٹ حاصل کرنا ضروری ہوگا جس کے بغیر ٹیکسی سروس فراہم نہیں کی جاسکتی۔ ضوابط کے مطابق جو گاڑی ٹیکسی کے لیے استعمال کی جائے وہ نئی ہو اور اس سے قبل مملکت میں اس کی رجسٹریشن نہ کی گئی ہو۔

بیلاروس اور ازبکستان کا مشترکہ تجارتی کمپنی قائم کرنے کا فیصلہ

بیلاروس میں استعمال ہونے والی جدید ٹیکنالوجی اور شعبہ زراعت میں بھی دلچسپی ہے، ازبک وزیر

منسک (مانیٹرنگ ڈیسک) بیلاروس اور ازبکستان نے مشترکہ خصوصی غیر ملکی تجارتی کمپنی قائم کرنے پر کام شروع کردیا جس کے دفاتر منسک اور تاشقند میں ہوں گے اور تجارتی ہاؤسز میں مستقل شو رومز قائم کیے جائیں گے۔ اس اقدام سے دونوں ممالک کی منڈیوں میں مصنوعات کے مؤثر فروغ، لاجسٹکس اور کسٹمز کے طریقہ کار میں آسانی اور ترسیل کے وقت اور اخراجات میں کمی ممکن ہوگی۔ تعاون کا ایک اور مؤثر شعبہ زراعت ہے۔ ازبکستان بیلاروس میں استعمال ہونے والی جدید ٹیکنالوجیز اور مؤثر زرعی حل میں دلچسپی رکھتا ہے۔ ازبک نائب وزیر نے کہا کہ ازبکستان نے سرمایہ کاری اور کاروبار کے لیے ایک سازگار ماحول فراہم کیا ہے۔ مزید فروغ دینے کے لیے ایک مشترکہ غیر ملکی تجارتی کمپنی قائم کرنے پر کام کیا جارہا ہے جس کے دفاتر منسک اور تاشقند میں ہوں گے اور تجارتی ہاؤسز میں مستقل شو رومز قائم کیے جائیں گے۔ اس اقدام سے دونوں ممالک کی منڈیوں میں مصنوعات کے مؤثر فروغ، لاجسٹکس اور کسٹمز کے طریقہ کار میں آسانی اور ترسیل کے وقت اور اخراجات میں کمی ممکن ہوگی۔ تعاون کا ایک اور مؤثر شعبہ زراعت ہے۔ ازبکستان بیلاروس میں استعمال ہونے والی جدید ٹیکنالوجیز اور مؤثر زرعی حل میں دلچسپی رکھتا ہے۔ ازبک نائب وزیر نے کہا کہ ازبکستان نے سرمایہ کاری اور کاروبار کے لیے ایک سازگار ماحول فراہم کیا ہے۔

روبوٹک پروسیس آٹومیشن؛ ہماری روزمرہ زندگی کا خاموش مددگار

دنیا بڑی تیزی سے بدل رہی ہے۔ چند سال پہلے تک جو کام صرف ہاتھوں سے یا انسانوں کے ذریعے ممکن تھے، آج وہی کام مشینیں نہ صرف بہتر بلکہ زیادہ تیز کررہی ہیں۔ ہم اکثر دیکھتے ہیں کہ دفتر کے ملازمین دن رات کمپیوٹر کے سامنے بیٹھ کر ایک جیسے کام دہراتے رہتے ہیں۔ کوئی ایکسل شیٹ میں نمبرز ڈال رہا ہے، کوئی ای میلز کو کھول کر معلومات آگے بھیج رہا ہے اور کوئی ہر دن کی رپورٹ بنا کر اپنے باس کے پاس پہنچا رہا ہے۔ یہ سب کام اہم ضرور ہیں مگر ایک حد کے بعد یہ انسان کیلیے بوریت اور تھکن کا باعث بن جاتے ہیں۔ ایسے میں ایک نئی قسم کی مددگار ٹیکنالوجی سامنے آئی ہے جسے روبوٹک پروسیس آٹومیشن یا مختصراً RPA کہا جاتا ہے۔ یہ سننے میں تھوڑا مشکل لگ سکتا ہے مگر اصل میں یہ بہت سادہ چیز ہے۔ آپ یوں سمجھ لیجیے جیسے دفتر میں ایک ایسا ڈیجیٹل ملازم بیٹھا ہو جو دن رات بغیر تھکے، بغیر آرام کیے اور بغیر کسی شکایت کے وہی کام دہراتا رہے جو آپ روز کرتے ہیں۔ فرق صرف اتنا ہے کہ وہ یہ سب انسان سے کئی گنا تیزی اور صفائی سے کرتا ہے۔ ایک وقت تھا جب لوگ گھوڑا گاڑی میں سفر کرتے تھے، پھر موٹر کار آئی اور سفر تیز ہوگیا۔ بالکل ویسے ہی اب RPA کام کرنے کے پرانے طریقے بدل رہا ہے اور ہمیں نئی رفتار اور سہولت دے رہا ہے۔ ذرا سوچیے آپ نے دفتر میں صبح سے شام تک جو وقت گزارا، اس میں آدھا وقت صرف ایسے کاموں میں لگ گیا جو آپ کو پہلے بھی کرنے پڑے تھے اور کل بھی کرنے ہیں۔ جیسے کسٹمر کے ڈیٹا کو سسٹم میں ڈالنا، لین دین کی فائلوں کو اپڈیٹ کرنا، یا کسی کلائنٹ کو ای میل بھیجنا۔ یہ سب کام وہی ہیں جو ایک کمپیوٹر کو ہدایت دے کر خودکار انداز میں کروائے جاسکتے ہیں۔ یہی اصل میں RPA ہے: کمپیوٹر کیلیے ہدایات کا ایک مجموعہ جو اسے انسان جیسا رویہ سکھا دیتا ہے۔ اگرچہ روبوٹک پروسیس آٹومیشن زیادہ تر دفاتر اور اداروں میں استعمال ہوتا ہے، لیکن اس کے اثرات ہماری ذاتی زندگی میں بھی بالواسطہ طور پر موجود ہیں۔ مثال کے طور پر، جب آپ اپنے بینک کے موبائل ایپ سے بل ادا کرتے ہیں تو پسِ پردہ RPA بوٹس مختلف سسٹمز میں لاگ اِن ہوکر آپ کی ادائیگی کی تصدیق کرتے ہیں، رسید تیار کرتے ہیں اور ریکارڈ اپڈیٹ کرتے ہیں۔ اسی طرح جب آپ کسی ای-کامرس ویب سائٹ سے خریداری کرتے ہیں تو RPA ہی ہے جو اسٹاک چیک کرتا ہے، بلنگ انٹری مکمل کرتا ہے اور ڈیلیوری سروس کو ہدایت بھیجتا ہے۔ حتیٰ کہ اسپتالوں میں اپائنٹمنٹ بکنگ یا انشورنس کی ویریفکیشن جیسے مراحل بھی RPA کے ذریعے تیز اور خودکار ہو چکے ہیں۔ یوں یہ ٹیکنالوجی ہماری روزمرہ زندگی میں کئی کاموں کو خاموشی سے آسان بنا رہی ہے، چاہے ہمیں اس کا براہِ راست احساس نہ ہو۔ دلچسپ بات یہ ہے کہ یہ ٹیکنالوجی کسی بڑے ادارے تک محدود نہیں۔ بینک اپنے صارفین کی درخواستیں خودکار طریقے سے چلا رہے ہیں، اسپتال مریضوں کے ریکارڈ کمپیوٹر میں ڈالنے کے لیے RPA استعمال کررہے ہیں، آن لائن اسٹورز ہر خریداری کے بعد خودبخود ای میل اور انوائس بھیج دیتے ہیں۔ یہاں تک کہ چھوٹے کاروبار بھی اس کا فائدہ اٹھا سکتے ہیں، جیسے روزانہ کی رپورٹ بنوانا یا اسٹاک کا حساب کتاب رکھوانا۔ بعض لوگ یہ سوچ کر پریشان ہوتے ہیں کہ اگر روبوٹ یہ سب کرنے لگیں تو انسانوں کے پاس کرنے کو کیا بچے گا؟ لیکن حقیقت یہ ہے کہ RPA صرف وہی کام سنبھالتا ہے جو دہرائے جانے والے اور تھکا دینے والے ہوتے ہیں۔ انسانوں کو زیادہ وقت اور ذہنی توانائی ملتی ہے کہ وہ تخلیقی اور مشکل فیصلوں پر توجہ دے سکیں۔ یہ بالکل ایسے ہے جیسے واشنگ مشین نے کپڑے دھونے کے عمل کو خودکار کردیا۔ کیا اس سے انسان کے کرنے کو کچھ کم ہوا؟ نہیں، بلکہ لوگوں نے وہ وقت دوسرے اہم کاموں میں استعمال کرنا شروع کردیا۔ دنیا آگے بڑھ رہی ہے اور RPA جیسے ٹولز اس سفر کو تیز کررہے ہیں۔ آنے والے وقت میں یہ صرف دہرائے جانے والے کام نہیں کریں گے بلکہ مصنوعی ذہانت (AI) کے ساتھ مل کر خود سیکھیں گے اور حالات کے مطابق فیصلے بھی کریں گے۔ جس طرح انٹرنیٹ کے بغیر زندگی کا تصور مشکل ہے، ویسے ہی کچھ سال بعد ادارے RPA کے بغیر شاید اپنے کام مؤثر طریقے سے نہ چلا سکیں۔ ہم سب کے لیے اس کہانی میں ایک سبق چھپا ہے۔ اگر آپ دفتر میں کام کرتے ہیں تو یہ جان لینا ضروری ہے کہ بہت جلد ایسے ڈیجیٹل مددگار آپ کے ساتھ موجود ہوں گے جو آپ کا بوجھ ہلکا کریں گے۔ اگر آپ کاروباری ہیں تو یہ آپ کے اخراجات کم اور منافع زیادہ کرسکتے ہیں۔ اور اگر آپ طالب علم ہیں تو یہ سمجھنا اہم ہے کہ مستقبل میں RPA کی مہارت رکھنے والے افراد کی بڑی مانگ ہوگی۔ یوں کہیے کہ روبوٹک پروسیس آٹومیشن ہماری زندگی میں ایک خاموش شراکت دار ہے۔ یہ پس منظر میں رہ کر ہمارے لیے وہ سب کام کرتا ہے جو ہمیں تھکا دینے والے لگتے ہیں، تاکہ ہم زیادہ اہم اور بڑے کاموں پر توجہ دے سکیں۔ آنے والا دور انہی کا ہے جو اس تبدیلی کو سمجھ کر اپنا راستہ بنائیں گے۔

تھریڈز نے صارفین کیلئے اہم فیچر متعارف کرادیا

اسلام آباد (مانیٹرنگ ڈیسک) سوشل میڈیا پلیٹ فارم تھریڈز نے اپنے ٹیکسٹ ایکسپینشن آپشن کو باقاعدہ لانچ کردیا۔ اس فیچر کو استعمال کرتے ہوئے صارفین اپنی تھریڈز اپ ڈیٹس میں 10 ہزار الفاظ تک کا اضافہ کرسکیں گے۔ اس نئے آپشن تک رسائی کے لیے تھریڈز نے پوسٹ کمپوزر میں ایک نیا آئکون پیش کیا ہے، جس کو ٹیپ کرنے سے ایک بلاگ کی طرز کا ایڈیٹر کھل جائے گا جس میں اضافی ٹیکسٹ لکھا جاسکے گا۔ یہ ٹیکسٹ بعد ازاں پوسٹ میں شامل کردیا جائے گا اور اس کو 'ریڈ مورے' کے پرامپٹ سے پڑھا جاسکے گا۔

جدہ میں نئی بس سروس کے تحت 50 بسوں کا روٹ شروع کردیا گیا

جدہ (مانیٹرنگ ڈیسک) جدہ ٹرانسپورٹ کمپنی نے شہر کے شمالی حصے کو اسٹیڈیم الجوہرہ اور کنگ عبداللہ اسپورٹس سٹی سے جوڑنے کے لیے نیا بس روٹ متعارف کرانے کا اعلان کردیا۔ یہ اقدام شہر میں ٹرانسپورٹ نیٹ ورک کو بہتر بنانے اور معیارِ زندگی میں اضافہ کرنے کی کوششوں کا حصہ ہے۔ کمپنی کے مطابق نیا روٹ المروہ، الکوثر اور الحمدانیہ کے کیمپوں کو سہولت فراہم کرے گا۔ اس سروس کے تحت روزانہ 50 بسیں چلائی جائیں گی جو صبح 5 بج کر 30 منٹ سے رات 11 بج کر 30 منٹ تک جاری رہیں گے۔ یہ بسیں رہائشی علاقوں کو تفریحی و کھیلوں کی اہم تنصیبات اور تجارتی مراکز سے جوڑیں گی، ساتھ ہی ٹریفک کے دباؤ کو کم کرنے اور عوام کو پبلک ٹرانسپورٹ کے استعمال کی ترغیب دینے میں بھی معاون ہوں گی۔

بھارتی گجرات میں تیسرے بچے کی پیدائش پر پنچایت کا سربراہ معطل

نئی دہلی (مانیٹرنگ ڈیسک) بھارتی گجرات کے چھوٹا ادے پور ضلع میں تیسرے بچے کی پیدائش کے بعد انچارج سرپنچ کو معطل کردیا گیا۔ بھارتی میڈیا کے مطابق گجرات کے سنکھیڈا تعلقہ کے کوہلی گرام پنچایت کے انچارج سرپنچ، مہندر بھائی واساوا کو تیسرے بچے کی پیدائش کے باعث گجرات پنچایت ایکٹ کی خلاف ورزی پر معطل کردیا گیا۔ گاؤں کے مہیش چیسنک بھائی رہاری نے سنکھیڈا تعلقہ ترقیاتی افسر (ٹی ڈی او) کے پاس شکایت درج کی، جس کے بعد تحقیقات شروع کی گئی۔ گجرات پنچایت ایکٹ کے سیکشن 30 (ایم) کے مطابق 2 سے زیادہ بچے رکھنے والا شخص پنچایت رکن کا عہدہ نہیں رکھ سکتا۔

سموسے نہ لانے پر بیوی نے شوہر کی درگت بنا ڈالی

ممبئی (مانیٹرنگ ڈیسک) بھارتی ریاست اتر پردیش کے گاؤں پلیتھت میں ایک عجیب وغریب واقعہ پیش آیا جہاں بیوی نے شوہر کو سموسہ نہ لانے پر شدید تشدد کا نشانہ بنایا۔ رپورٹس کے مطابق یہ واقعہ اتر پردیش کے پلیتھت ضلع میں پیش آیا جہاں بیوی سنگیتا نے سموسہ نہ لانے پر شوہر شیوم کو تلخ کلامی بعد تشدد کا نشانہ بنایا۔ سنگیتا نے شیوم کو کام سے واپسی پر سموسے لانے کو کہا تھا۔ جب شوہر سموسہ لانا بھول گیا تو ناراضگی کے باعث سنگیتا نے اگلے دن اپنے گھر والوں کو بلایا اور ایک پنچایت بٹھائی گئی جس میں شوہر کو بیوی نے اپنے والدین اور ماموں کے ساتھ مل کر کھلی پنچایت کے دوران تشدد کا نشانہ بنایا گیا۔ شوہر کی والدہ نے واقعے کے بعد پولیس میں ایف آئی ار درج کروائی جس میں سنگیتا کے والدین اور ماموں کو بھی شامل جرم کیا گیا جس کے بعد شدید تشدد کے الزام میں قانونی کارروائی کا؟ آغاز کردیا گیا۔ یہ واقعہ سوشل میڈیا پر تیزی سے وائرل ہوا ہے. واقعہ بظاہر غیر معمولی لگتا ہے لیکن ایسے واقعات نے سوشل بحث میں گھریلو تنازعات کی نوعیت اور ان کے سماجی اثرات کو اُجاگر کرنے میں اہم کردار ادا کیا ہے۔

جہاں بیوی سنگیتا نے سموسہ نہ لانے پر شوہر شیوم کو

جرمن ائرلائن لفتھانزا کے پائلٹوں کی ہڑتال کا خدشہ

برلن (مانیٹرنگ ڈیسک) جرمنی کی وی سی پائلٹ یونین نے لفتھانزا ائرلائن کے ساتھ پنشن اسکیم پر مذاکرات ختم ہونے کے بعد ہڑتال کی کارروائی پر اپنے ارکان کی رائے شماری کا مطالبہ کردیا۔ یہ بات یونین نے اپنے ایک بیان میں کہی۔ لفتھانزا نے کہا کہ اس نے مذاکرات کے ذریعے مسئلہ حل کرنے پر توجہ مرکوز رکھی اور ان کے مواد پر تبصرہ کرنے سے انکار کردیا۔ اس سے قبل خبر رساں اداروں نے یونین ارکان کو ارسال کردہ ایک خط کا حوالہ دیا تھا، جس کی تصدیق وی سی سی کے بیان سے ہوگئی ہے۔ خط میں ہڑتال کے لیے رائے شماری کا مطالبہ کیا گیا۔

جرمن ائرلائن لفتھانزا کے ملازمین پنشن اسکیم کے خلاف احتجاج کررہے ہیں

بقیہ 1 تجارت نیوز

ہوئے۔ رپورٹ میں مزید بتایا گیا کہ گزشتہ مالی سال ملازمت پیشہ افراد سے مجموعی طور پر 555 ارب روپے ٹیکس جمع کیا گیا تھا، جو ایک سال میں 188 ارب روپے زیادہ ہے۔ جائیداد کے شعبے میں بھی نمایاں تبدیلی دیکھی گئی، پلاٹوں کی فروخت پر ٹیکس وصولی 92 فیصد بڑھ کر 28 ارب روپے تک جا پہنچی، تاہم جائیداد خریداری پر ٹیکس وصولی 12 فیصد کم ہوکر 13 ارب روپے رہ گئی۔ دوسری جانب ایف بی آر اگست میں مقررہ 951 ارب روپے کے ہدف کے مقابلے میں صرف 901 ارب روپے جمع کر سکا، جس کے باعث 50 ارب روپے کی کمی ریکارڈ ہوئی۔ جولائی اور اگست میں مجموعی ہدف 1698 ارب روپے تھا لیکن 1663 ارب روپے ہی جمع کیے جاسکے، یوں 35 ارب روپے کا شارٹ فال سامنے آیا۔ رواں مالی سال ٹیکس وصولی کا مجموعی ہدف 14 ہزار 131 ارب روپے مقرر ہے۔

بقیہ 2 تجارت نیوز

ماڈیول کے غلط استعمال کی شکایات سامنے آئیں جس پر ایف بی آر نے فوری تحقیقات شروع کیں ریکارڈ کے مطابق نیلام شدہ گاڑیوں کی 1,909 تفصیلات سسٹم میں اپ لوڈ کی گئی تھیں جن میں سے 103 گاڑیاں جعلی یوزر آئی ڈیز کے ذریعے داخل کی گئیں مزید انکشاف ہوا کہ ان میں سے 43 گاڑیاں ایم آر ایز نے پہلے ہی رجسٹر کر لی تھیں اور یوں اسمگل شدہ گاڑیوں کو قانونی حیثیت دے دی گئی تھی۔ ایف بی آر کے مطابق ڈیجیٹل آڈٹ اور تحقیقات کے بعد ایف بی آر نے ان یوزر آئی ڈیز کی نشاندہی کی جن کے ذریعے جعلسازی کی گئی تھی اس دوران ایک ڈپٹی کلکٹر اور ایک اسسٹنٹ کلکٹر کو 9 جولائی 2025ء کو معطل کر دیا گیا جن کے اکاؤنٹس اس فراڈ میں استعمال ہوئے تحقیقات سے یہ بھی ظاہر ہوا کہ اس اسکینڈل میں بعض ایم آر ایز اور کار ڈیلرز کا نیٹ ورک بھی شامل ہے۔ ایف بی آر حکام کے مطابق معاملے کی سنگینی کو مدنظر رکھتے ہوئے ایف بی آر نے 9 جولائی کو ایف آئی اے، کسٹمز اور انٹیلی جنس اداروں پر مشتمل ایک مشترکہ تحقیقاتی ٹیم (جے آئی ٹی) بنانے کی درخواست کی، ایف آئی اے کو 10 جولائی کو باضابطہ شکایت بھی ارسال کی گئی جس کے بعد جے آئی ٹی نے اپنی کارروائی کا آغاز کیا، نتیجتاً 28 اگست 2025ء کو ایف آئی اے نے ملوث افسران کے خلاف مقدمہ درج کر کے ان کی گرفتاری عمل میں لائی اب تک کسٹمز انفورسمنٹ بھی سات ایف آئی آر درج کر چکی ہے اور 13 افراد کو گرفتار کیا جا چکا ہے۔ ایف بی آر کے مطابق یہ کارروائی اس بات کا واضح پیغام ہے کہ ادارے کے اندر موجود جرائم پیشہ عناصر کو ہرگز برداشت نہیں کیا جائے گا اور ان کے خلاف سخت قانونی کارروائی کی جائے گی۔

بقیہ 3 تجارت نیوز

بڑھتے تجارتی تناؤ اور روس کے ساتھ توانائی کے معاملات میں نئی صف بندی کو ظاہر کرتا ہے۔ ٹرمپ نے اپنے بیان میں کہا کہ بھارت پر 50 فیصد درآمدی محصولات عائد کرنے اور روس سے سستا تیل خریدنے کے تناظر میں امریکا نے سخت مؤقف اپنایا، لیکن اس کے نتیجے میں دونوں ملک چین کے مزید قریب ہوگئے ہیں۔ بھارت کے دفتر خارجہ نے اس پر براہِ راست ردعمل نہیں دیا مگر ماہرین کا کہنا ہے کہ یہ بیان خطے میں بڑھتی ہوئی جیو پولیٹیکل کشیدگی کو مزید اجاگر کرتا ہے۔

بقیہ 4 تجارت نیوز

ایگریکلچر کے ذریعے ڈیٹا پر مبنی فیصلے ممکن ہوں گے، جس سے زرعی پیداوار میں نمایاں اضافہ ہوگا۔ اس کے نتیجے میں نہ صرف پاکستان کی غذائی سلامتی مضبوط ہوگی بلکہ زرعی برآمدات میں بھی خاطر خواہ اضافہ ممکن ہوگا۔ کانفرنس کے دوران وفاقی وزیر نے چین کی نمایاں زرعی کمپنیوں جی ڈی ایس پی، سائنیا گنگ اور جنگ ہوا سیڈ کے نمائندوں سے ملاقاتیں کیں، جنہوں نے پاکستان کے ساتھ طویل المدتی شراکت داری میں دلچسپی اور اعتماد کا اظہار کیا۔ رانا تنویر حسین نے اس بات پر بھی زور دیا کہ چین سالانہ 215 ارب ڈالر کی زرعی اشیاء درآمد کرتا ہے اور پاکستان کے پاس عالمی منڈی کے مقابلے میں کم قیمت پر یہ اشیاء فراہم کرنے کی بھرپور صلاحیت موجود ہے، اس تناظر میں چین کے ساتھ زرعی تعاون پاکستان کے لیے ایک سنہری موقع ہے۔ انہوں نے مزید کہا کہ وزیر اعظم شہباز شریف کی قیادت میں زرعی صنعتوں کے فروغ کے لیے جو پالیسیاں ترتیب دی گئی ہیں، انہوں نے پاک چین زرعی شراکت داری کو ایک نئی سمت دی ہے۔ رانا تنویر حسین نے کہا کہ یہ تعاون دونوں ممالک کے درمیان طویل المدتی سٹریٹجک تعلقات کو مزید مستحکم بنانے میں کلیدی کردار ادا کرے گا۔

بقیہ 5 تجارت نیوز

سی ایف تک بڑھ چکا ہے جو گزشتہ 6 ماہ کے مقابلہ میں 621 ارب کیوبک فٹ یعنی 4.6 فیصد زیادہ ہے۔ واضح رہے کہ گیس کے ذخائر میں اضافہ کی بنیادی وجوہات ماڑی انرجیز کے گیس ذخائر میں 996 بی سی ایف کا اضافہ ہے۔ گزشتہ 6 ماہ کے دوران سوہو اور سپن وام میں گیس کے نئے ذخائر دریافت ہوئے ہیں جن کی پیداوار بالترتیب 125 اور 92 بی سی ایف ہے۔ اسی طرح ماڑی ڈیپ، ایچ ا؟ رایل، شیوا اور غازج فیلڈز سے 773 بی سی ایف گیس کے نئے ذخائر بھی دریافت ہوئے ہیں جس سے ماڑی کے گیس ذخائر کی مدت 18 سال تک بڑھ گئی۔ رپورٹ کے مطابق او جی ڈی سی ایل کے شمالی گھڑی اور ایم او ایل پاکستان کے راز گیر فیلڈز میں بھی بالترتیب 125 اور 57 ارب کیوبک فٹ گیس کے نئے ذخائر دریافت ہوئے ہیں۔ دوسری جانب ملک کے تیل کے ذخائر میں بھی ایک فیصد یعنی 240 ملین بیرل کا اضافہ ریکارڈ کیا گیا ہے اور گزشتہ چھ ماہ کے دوران شیوا اور پنڈوری آئل فیلڈز سے 2.27 اور 2.17 ملین بیرلز کے نئے ذخائر دریافت ہوئے ہیں۔

بقیہ 6 تجارت نیوز

موبائل فون سروس معطل رکھنے اور ڈبل سواری پر پابندی کے احکامات جاری کیے گئے۔ پولیس کے مطابق شہر بھر میں جلوسوں اور اجتماعات کی حفاظت کے لیے مجموعی طور پر 4480 افسران و جوان تعینات کیے گئے۔ ایڈیشنل آئی جی جاوید عالم اوڈھو نے وضاحت کی کہ موبائل فون سروس صرف مرکزی جلوس کے راستوں اور حساس مقامات پر معطل رہی، پورے شہر میں سگنلز بند نہیں کیے گئے۔ کراچی کے ایسٹ، ویسٹ اور ساؤتھ زون کے 23 مقامات پر موبائل فون سروس معطل کی گئی جبکہ نشتر پارک سے ٹاور تک مرکزی جلوس کے تمام راستے بھی اس فیصلے کے تحت آئے۔ پولیس ترجمان کے مطابق عوام کے جان و مال کے تحفظ اور شہر میں پرامن فضا قائم رکھنے کے لیے ہر ممکن اقدامات کیے گئے۔

بقیہ 7 تجارت نیوز

امکان ظاہر کیا گیا ہے۔ کراچی میں تیز ہواؤں کے ساتھ موسلا دھار اور شدید موسلا دھار بارشیں ہونے کی توقع ہے، جس کی وجہ سے کراچی میں اربن فلڈنگ کی صورتحال پیدا ہوسکتی ہے۔ موسلا دھار بارش، آندھی اور بجلی گرنے سے روزمرہ کے معمولات متاثر ہوسکتے ہیں جبکہ میرپور خاص، شہید بے نظیر آباد، تھرپارکر، خیرپور، سکھر، لاڑکانہ، ٹھٹھہ، بدین، سجاول، حیدرآباد اور کراچی میں شہری سیلاب اور نشیبی علاقوں میں پانی جمع ہوسکتا ہے۔ آئندہ 24 گھنٹوں کے دوران 15 سے 50 کلومیٹر فی گھنٹہ کی رفتار سے سمندری ہوائیں متوقع ہیں جبکہ ہوا میں نمی کا تناسب 65 سے 85 فیصد رہنے کا امکان ہے۔ بارش کے دوران چند مقامات پر موسلا دھار بارش اور آندھی کی بھی توقع ہے لہٰذا عوام کو مشورہ دیا جاتا ہے کہ موسمی سرگرمی کے دوران احتیاطی تدابیر اختیار کریں۔

بقیہ 8 تجارت نیوز

سے جاری کیے گئے ری سیمپلنگ کے احکامات کو نہیں مان رہے ہیں۔ جس پر اسلام آباد ہائی کورٹ نے ڈی جی ڈپارٹمنٹ آف پلانٹ پروٹیکشن طاہر عباس کو ذاتی حیثیت میں پیش ہونے کا حکم دے دیا ہے۔ تاجر برادری کی جانب سے اس ضمن میں تجارت نیوز کو بتایا گیا کہ ڈائریکٹر کورنٹائن عبدالباسط اور ڈی جی پلانٹ پروٹیکشن طاہر عباس اس وقت خود پارٹی بنے ہوئے ہیں اور حقیقی امپورٹرز کو بلاوجہ تنگ کیا جا رہا ہے جبکہ نوٹیفکیشن کے مطابق مجاز قرار دی گئی لیبس پر سیمپلز روانہ نہیں کر رہے ہیں، مذکورہ افسران بالا اس وقت صرف اور صرف دو مخصوص پارٹیوں کے سیمپل کلیئر کروا رہے ہیں۔ تاجر برادری نے مزید بتایا ہے کہ وزیراعظم کو بھیجی گئی درخواست میں بھی یہی موقف اختیار کیا گیا ہے اور وزیراعظم سے بھی گزارش کی گئی ہے کہ اس طرح کے بدعنوان اور رشوت خور افسران کو فوری طور پر برطرف کر کے ان کی جگہ اہل افسران کو تعینات کیا جائے تاکہ ملکی خزانے کو فائدہ ہو سکے۔ ان کا مزید کہنا تھا کہ اس وقت ڈپارٹمنٹ آف پلانٹ پروٹیکشن پاکستانی معیشت میں ریڑھ کی ہڈی کا کردار ادا کرتا ہے۔ اگر اس طرح کے مفاد پرست اور ملک دشمن افسران کو نہ ہٹایا گیا تو پاکستان کے خزانے کو بہت بڑے نقصانات اٹھانے پڑیں گے۔ جس کی حالیہ مثال گزشتہ دنوں ایف بی آر کی جانب سے جاری کی جانے والی رپورٹ ہے جس کے مطابق 5 سو ارب روپے کا شارٹ فال ظاہر کیا گیا۔ تجارت نیوز کی جانب سے اس بارے میں وزیراعظم ہاؤس سے رابطہ کیا گیا تو بتایا گیا کہ اس اہم ترین معاملے کی چھان بین کے لیے جوائنٹ سیکرٹری بلال حیدر کو وزیراعظم ہاؤس طلب کیا گیا ہے۔ واضح رہے کہ تجارت نیوز کی جانب سے اس حساس ترین معاملے پر مکمل نظر رکھی جا رہی ہے اور اس ضمن میں مزید تفصیلات آتے ہی انہیں آپ تک پہنچا دیا جائے گا۔

بقیہ 9 تجارت نیوز

لیے انسانی رابطے اور تعامل کو کم کرنے کے اقدامات جاری ہیں۔ واجد علی نے کہا کہ کسٹمز ڈیپارٹمنٹ پوری خلوص نیت کے ساتھ تجارت اور صنعت کی سہولت کاری کے لیے عملی اور قانونی حدود کے اندر ہر ممکن کوشش کرے گا۔ وفاقی چیمبر کے صدر عاطف اکرام شیخ نے کہا کہ کاروباری برادری کسٹمز ڈیپارٹمنٹ میں فیس لیس کسٹمز اسیسمنٹ سسٹم کے نفاذ کی مکمل حمایت کرتی ہے تاکہ انسانی رابطے کو کم کیا جا سکے اور ٹیکنالوجی کے ذریعے کارکردگی میں اضافہ ہو۔ انہوں نے مطالبہ کیا کہ تاجروں کو گرین چینل کلیئرنس کے ذریعے سہولت دی جائے، ڈویل ٹائم کم کیا جائے اور شکایات کے حل کے سیل کو مکمل فعال بنایا جائے تاکہ مسائل اور شکایات کا بروقت ازالہ ممکن ہو اور تاجروں کے مالی نقصان اور اضافی اخراجات میں کمی لائی جا سکے۔ عاطف اکرام شیخ نے زور دیا کہ پاکستان میں ڈویل ٹائم تقریباً 7.7 دن ہے، جو علاقائی حریف ممالک کے مقابلے میں تقریباً دوگنا ہے اور بین الاقوامی بہترین معیارات سے کہیں زیادہ ہے۔ اس صورتحال کے باعث تاجروں کو ڈیمرج، ڈیٹینشن چارجز، اسٹوریج لاگت اور سرمایہ کاری کے بلاک ہونے کے سبب مالی نقصان برداشت کرنا پڑ رہا ہے۔

بقیہ 10 تجارت نیوز

کی تباہ کاریوں سے افراطِ زر کی شرح بڑھنے اور شرح سود میں غیر متوقع طور پر اگلے دو سہ ماہیوں میں کمی نہ ہونے کے خدشات کے باعث زرمبادلہ کی دونوں مارکیٹوں میں جمعے کو 21 ویں روز بھی ڈالر کی نسبت روپیہ تگڑا رہا۔ پاکستان اور چین کے درمیان ساڑھے آٹھ ارب ڈالر کے سرمایہ کاری معاہدوں، سمندر پار مقیم پاکستانیوں کی ترسیلات زر کی آمد میں اضافے کی امیدوں اور اچھے معاشی اشاریوں کے باعث انٹربینک مارکیٹ میں کاروبار کے بیشتر دورانیے میں ڈالر کی قدر تنزلی سے دوچار رہی۔ انٹربینک مارکیٹ میں ایک موقع پر ڈالر کی قدر 16 پیسے کی کمی سے 281 روپے 50 پیسے کی سطح پر آگئی تھی لیکن اختتامی لمحات سے قبل معیشت اچانک طلب بڑھنے سے ایک موقع ڈالر کی قدر 9 پیسے کے اضافے سے 281 روپے 75 پیسے کی سطح پر بھی آگئی تھی۔ کاروبار کے اختتام پر ڈالر کی قدر ایک پیسے کی کمی سے 281 روپے 65 پیسے کی سطح پر بند ہوئی۔ اوپن کرنسی مارکیٹ میں بھی ڈالر کی قدر مزید 10 پیسے کی کمی سے 283 روپے 10 پیسے کی سطح پر بند ہوئی۔

بقیہ 11 تجارت نیوز

سے 8.5 ارب ڈالر کے سرمایہ کاری معاہدوں اور عالمی مالیاتی اداروں کی پاکستان میں بڑھتی دلچسپی نے سرمایہ کاروں کے اعتماد کو سہارا دیا۔ عالمی سطح پر خام تیل کی قیمت میں فی بیرل 87 سینٹ سے 1.32 ڈالر تک کمی سے درآمدی بل میں ممکنہ کمی نے بھی روپے کو مضبوط کیا۔ آئی ایم ایف سے آئندہ ماہ ایک ارب ڈالر کی قسط منظور ہونے کی توقع اور ڈالر اسمگلنگ کے خلاف کریک ڈاؤن نے مارکیٹ میں طلب کو محدود رکھا۔ علاوہ ازیں ترسیلات زر کے اضافے اور زرمبادلہ کے ذخائر میں بہتری سے بھی روپے کو سہارا ملا۔ ہفتہ وار کاروبار کے دوران انٹربینک مارکیٹ میں ڈالر کی قدر 12 پیسے گھٹ کر 281.65 روپے پر آگئی جب کہ اوپن مارکیٹ میں ڈالر 50 پیسے کی کمی سے 283.10 روپے پر بند ہوا۔ اسی طرح برطانوی پاؤنڈ کے انٹربینک ریٹ 82 پیسے کی کمی سے 379.24 روپے اور اوپن مارکیٹ میں 1.68 روپے کی کمی سے 381.32 روپے رہے۔ یورو کی انٹربینک قدر 328.87 روپے اور اوپن مارکیٹ ریٹ 330.87 روپے ریکارڈ ہوئے۔ سعودی ریال انٹربینک میں 75.06 روپے اور اوپن مارکیٹ میں 75.40 روپے پر بند ہوا۔ اماراتی درہم انٹربینک میں 76.68 روپے اور اوپن مارکیٹ میں 77.10 روپے کی سطح پر آگیا۔

بقیہ 12 تجارت نیوز

مقامی صرافہ بازاروں میں 24 قیراط کے حامل فی تولہ سونے کی قیمت بھی 1200 روپے کے اضافے سے 3 لاکھ 77 ہزار 900 روپے کی نئی بلند ترین سطح پر آگئی جب کہ فی 10 گرام سونے کی قیمت 1029 روپے بڑھ کر 3 لاکھ 23 ہزار 988 روپے کی نئی بلند ترین سطح پر پہنچ گئی ہے۔

بقیہ 13 تجارت نیوز

کرنے کی وسیع حکمت عملی کا حصہ ہے۔ اسٹیٹ بینک بینکوں اور مائیکروفنانس بینکوں (ایم ایف بیز) کو سی ڈی ایمز کی تنصیب کی ترغیب دے رہا ہے، خاص طور پر ان شاخوں پر جہاں صارفین کی تعداد زیادہ ہو یا نقدی کی طلب زیادہ ہو۔ اب، خودکار بینکاری کو مزید فروغ دینے اور سی ڈی ایمز کے استعمال میں اضافہ کے لیے، اسٹیٹ بینک نے فیصلہ کیا ہے کہ کیلنڈر ایئر 2028 تک بینکوں کے نیٹ ورک میں سی ڈی ایمز کی شرح کم از کم 25 فیصد ہونی چاہیے۔ اسٹیٹ بینک نے بینکوں کو ہدایت دی ہے کہ وہ اس مقصد کے لیے اپنے منصوبے تیار کریں اور 30 نومبر 2025 تک اسٹیٹ بینک کے ساتھ شیئر کریں۔ بینکس اسٹیٹ بینک کی ویب سائٹ پر درج کیش ڈپازٹ یا ری سائیکلنگ مشینوں کو سی ڈی ایمز کے طور پر استعمال کر سکتے ہیں یا نئی یا دیگر مشینیں حاصل کر سکتے ہیں۔ تاہم، اگر کوئی نئی مشین (جو اسٹیٹ بینک کی ویب سائٹ پر درج نہ ہو) منتخب کی جاتی ہے تو اسے لازمی طور پر اسٹیٹ بینک بینکنگ سروسز کارپوریشن (بی ایس سی) دفتر کراچی سے ٹیسٹ اور کلیئر کرانا ہوگا، جیسا کہ اسٹیٹ بینک کرنسی مینجمنٹ اسٹریٹیجی کے تحت لازمی ہے۔ مزید یہ کہ، آپریشنل تقاضوں کو پورا کرنے کے لیے، بینک صارف کے اکاو؟ نٹ میں سی ڈی ایم کے ذریعے جمع کرائی گئی رقم کو فوری طور پر کریڈٹ کرنے کے پابند ہوں گے۔

بقیہ 14 تجارت نیوز

مذکورہ مد میں ماہانہ اضافی خرچ 20 ارب روپے سے تجاوز کر چکا ہے۔ دوسری جانب فلور ملز مالکان نے حکومت سے گندم درامد کی اجازت مانگ لی ہے۔ ان کا کہنا ہے کہ گندم درآمد کی اجازت نہ دی گئی تو مافیا گندم کے نرخ بڑھاتا رہے گا۔ تجارت نیوز کو باخبر ذرائع سے ملنے والی مصدقہ اطلاعات کے مطابق جولائی کے اخر تک بیوپاری فلورملوں کو فی کلوگرام 65 روپے کے حساب سے فی سو کلوگرام گندم کی بوری ساڑھے چھ ہزار روپے میں فروخت کرتے تھے۔ تاہم اگست کے دوسرے ہفتے سے ذخیرہ اندوز مافیا نے گندم کے نرخ بڑھانے شروع کر دیے۔ جس کے باعث اٹے کے نرخوں میں بھی مسلسل اضافہ ہوتا چلا گیا۔ جس کا اندازہ اس بات سے لگایا جا سکتا ہے کہ 29 جولائی کے روز ڈھائی نمبر اٹے کے فی کلوگرام، ایکس مل نرخ 71 روپے 50 پیسے، فائن اٹا 75 روپے 50 پیسے اور میدہ 73 روپے 50 پیسے فی کلو پر سپلائی کیا جا رہا تھا لیکن اس کے بعد اوپن مارکیٹ میں گندم کے نرخ مسلسل بڑھتے چلے گئے۔ جس کے بعد پہلی بار فلور مل مالکان نے 13 اگست کو آٹے کے نرخوں میں اضافہ کیا۔ اور تین ستمبر تک آٹے کے نرخوں میں مسلسل اضافہ ہوتا رہا ہے۔ 4 ستمبر کو فلورملوں نے جو نرخ مقرر کئے ان کے مطابق فی کلوگرام ڈھائی نمبر اٹے کے ایکس مل قیمت 34 روپے 50 پیسے اضافے کے ساتھ 106 روپے فی کلو کر دی گئی ہے جبکہ فائن آٹے کے نرخ فی کلوگرام 38 روپے 50 پیسے اضافے کے ساتھ 114 روپے اور فی کلوگرام میدے کے نرخ بھی 38 روپے 50 پیسے اضافے کے ساتھ 112 روپے فی کلو کر دیے گئے ہیں۔ فلور ملز مالکان کا موقف ہے کہ وہ تمام گندم اوپن مارکیٹ سے خرید رہے ہیں لیکن مافیا نے سستے داموں خریدی گئی گندم جو ذخیرہ کر کے رکھی گئی تھی اب وہ مہنگے داموں سپلائی کی جا رہی ہے۔ اطلاعات کے مطابق 4 ستمبر کے روز 100 کلوگرام گندم کی بوری کے سودے 9700 روپے سے 9800 روپے تک ہوئے جس سے اندازہ لگایا جا سکتا ہے کہ فی کلوگرام گندم کے نرخ 97 سے 98 روپے تک ہو چکے ہیں۔ اس صورتحال پر صوبائی انتظامیہ خاموش تماشائی بنی ہوئی ہے۔ اور اس ضمن میں فوری اقدامات نہ کئے گئے تو آٹے کی قیمت میں مزید اضافہ ہوسکتا ہے۔

بقیہ 15 تجارت نیوز

کیا گیا۔ فورم میں کئی شعبوں میں باہمی تعاون اور سرمایہ کاری کے فروغ پر زور دیا گیا۔ فوڈ سکیورٹی، اطلاعاتی ٹیکنالوجی، تعلیم، کپڑا سازی اور صحت سمیت کئی شعبے تعاون کے لیے نمایاں قرار دیے گئے۔ سیاحت، تعمیرات، گاڑیوں کی صنعت اور کھیلوں کے سامان میں بھی شراکت داری کے مواقع اجاگر کیے گئے۔ ایس آئی ایف سی کی معاونت سے پاکستان دوطرفہ تعاون اور سرمایہ کاری کو فروغ دینے کی راہ پر گامزن ہے۔

بقیہ 16 تجارت نیوز

کا اضافہ ہوا۔ ماہرین نے خبردار کیا ہے کہ سیلاب کے باعث زرخیز اراضی خاص طور پر پنجاب میں زیر آب آگئی ہیں، جس سے چاول، گنا، مکئی، سبزیاں اور کپاس جیسی اہم فصلوں کو نقصان پہنچا ہے۔ خاص طور پر کپاس کے نقصان سے پاکستان کی ٹیکسٹائل صنعت کو خطرہ لاحق ہے جو ملک کی برآمدات کا نصف سے زیادہ حصہ فراہم کرتی ہے اور یہ وقت اس لحاظ سے بھی حساس ہے کہ پاکستان کو اپنے سب سے بڑے مارکیٹ میں 19 فیصد امریکی محصولات کا سامنا ہے۔ زرعی مارکیٹ پلیٹ فارم زرعی منڈی کے شریک بانی عشرب شوکت نے خبردار کیا کہ گندم، سبزیوں اور کپاس کی قلت سپلائی چینز میں اثر ڈالے گی جس سے نہ صرف برآمدات متاثر ہوں گی بلکہ گھریلو بجٹ بھی دباو؟ میں آئے گا۔ پی سی جی اے کے اعداد و شمار کے مطابق کپاس کی آمد میں پنجاب اور سندھ دونوں میں بہتری دیکھی گئی۔

بقیہ 17 تجارت نیوز

کو آسان بنانے کے ساتھ ساتھ دوطرفہ وفود کو سہولت فراہم کریں گے۔ ایم او یو پر کے سی سی آئی کے سینئر نائب صدر ضیاء العارفین اور بانی صدر جی پی سی سی آئی روبینہ مارکو پولو نے کراچی چیمبر میں ملاقات کے موقع پر دستخط کیے۔ اس موقع پر کے سی سی آئی کے نائب صدر فیصل خلیل احمد، ایم او یو عمل درآمد خصوصی کمیٹی کے چیئرمین جنید اسماعیل ماکڈا اور کے سی سی آئی کی بینکنگ کمیٹی کے اراکین بھی موجود تھے۔ اس موقع پر سینئر نائب صدر کے سی سی آئی ضیاء العارفین نے کہا کہ یہ ایم او یو پاکستان اور یونان کے درمیان دوطرفہ تجارت اور تعاون کے حوالے سے ایک اُمید افزا سفر کا آغاز ہے جو ایک اہم سنگ میل ہے اور دونوں فعال بزنس کمیونٹی کے درمیان دیرپا شراکت داری کا فریم ورک فراہم کرتا ہے۔ انہوں نے کہا کہ کے سی سی آئی ایک متحرک اقتصادی نظام کی نمائندگی کرتا ہے جو قومی خزانے کا 65 فیصد سے زیادہ حصہ فراہم کرتا ہے اور ممبرشپ کے لحاظ سے عالمی سطح پر ٹاپ ٹین چیمبرز میں شامل ہے۔ دوسری طرف یونان زرعی شعبے، قابل تجدید توانائی، سمندری اور بندرگاہوں کے انفراسٹرکچر، سیاحت، لاجسٹکس اور جدت کے شعبوں میں عالمی سطح پر پہچان رکھتا ہے۔ انہوں نے مزید کہا کہ یہ معاہدہ دونوں معیشتوں کو ایک دوسرے کے ساتھ جوڑتا ہے۔ ہمارے ٹیکسٹائل، زرعی و سمندری خوراک، آئی ٹی اور چمڑے کی مصنوعات کے شعبے یونان کی ویلیو ایڈڈ زراعت، سمندری تجارت اور گرین انرجی کی مہارت سے ہم آہنگ ہیں۔ انہوں نے یہ بھی یقین دہانی کرائی کہ معلومات اور اشاعتوں بشمول کیٹلاگ، مارکیٹ انٹیلیجنس اور کاروباری ادب لٹریچر کا مسلسل تبادلہ یقینی بنایا جائے۔

بقیہ 18 تجارت نیوز

تجارتی شرکاء نے شرکت کی۔ کلین شو میں پاکستان سے پانچ کمپنیوں اسپن ٹیکس انڈسٹریز (ایچ آر کاٹن یو ایس اے)، عبداللہ ٹیکسٹائل (کٹیکس گروپ)، الرحیم ٹیکسٹائلز، حسین ٹیکسٹائلز اور ہارون فیبرکس نے شرکت کی اور ہوٹل اور اسپتال کے ٹیکسٹائل کے ساتھ ساتھ پائیدار مصنوعات کی وسیع رینج نمائش کیلئے پیش کی اور عالمی خریداروں وصنعت کے ماہرین سے ملاقاتیں بھی کیں۔ نمائش میں شریک بین الاقوامی خریداروں نے پاکستانی مصنوعات کی خریداری میں گہری دلچسپی لی۔ کلین شو 2025 میں اس بار ریکارڈ بین الاقوامی شمولیت کے ساتھ ساتھ لگ بھگ 100 نئے نمائش کنندگان بھی شریک تھے، اس شو میں انوویشن ایوارڈز، خصوصی تعلیمی سیشنز اور روزانہ نیٹ ورکنگ ایونٹس بھی شامل تھے۔

بقیہ 19 تجارت نیوز

جو 0.65 فیصد کے معمولی اضافے کو ظاہر کرتی ہیں۔ جب کہ درآمدات میں 14.23 فیصد اضافہ ہوا اور یہ گزشتہ سال کی اسی مدت کے 9.73 ارب ڈالر کے مقابلے میں بڑھ کر 11.12 ارب ڈالر تک پہنچ گئیں۔ اس کے نتیجے میں تجارتی خسارہ بڑھ کر 6 ارب ڈالرز ہوگیا جو گزشتہ سال کی اسی مدت میں 4.66 ارب ڈالر تھا۔ رواں سال اگست میں برآمدات 2.42 ارب ڈالرز رہیں جو گزشتہ سال کی اسی مدت کے مقابلے میں 12.5 فیصد کمی کو ظاہر کرتی ہیں۔ ماہانہ بنیاد پر بھی برآمدات میں 10 فیصد کمی ریکارڈ کی گئی۔ اگست میں درآمدی بل بھی بڑھا ہوا رجحان ظاہر کرتا ہے کیونکہ یہ 4.97 ارب ڈالر کے مقابلے میں 5.29 ارب ڈالر ریکارڈ کیا گیا، جو 6.42 فیصد اضافہ ظاہر کرتا ہے تاہم ماہانہ بنیاد پر اگست میں درآمدات میں 9.35 فیصد کمی آئی اور یہ 5.83 ارب ڈالر (جولائی مالی سال 2026) کے مقابلے میں 5.28 ارب ڈالرز رہی۔ یہ ذکر کرنا ضروری ہے کہ جولائی میں ٹیکسٹائل برآمدات میں سالانہ بنیاد پر 13.32 فیصد اور ماہانہ بنیاد پر 10.37 فیصد اضافہ ہوا تھا۔ تاہم ٹیکسٹائل سیکٹر کے ذرائع کے مطابق اگست میں ٹیکسٹائل مصنوعات کی برآمدات میں لازمی طور پر کمی آئے گی۔ پاکستان ٹیکسٹائل کونسل ذرائع کے مطابق اگست میں ٹیکسٹائل برآمدات میں کمی کی وجہ ایکسپورٹ فنانس اسکیم (EFS) میں موجود بے ضابطگیاں ہیں۔ جبکہ روئی، یارن اور روئی کا گرے کپڑا ایکسپورٹ فنانس اسکیم (EFS) کے دائرہ کار سے خارج کر دیے گئے ہیں اور اب ٹیکسٹائل برآمدکنندگان کو خام مال کی درآمد پر جی ایس ٹی اور کسٹمز ڈیوٹیز ادا کرنا پڑ رہی ہیں، جس نے انہیں عالمی منڈی میں غیر مسابقتی بنا دیا ہے۔ ماہرین کا کہنا ہے کہ سیلاب کی تباہ کاریوں کے باعث کپاس اور چاول کی فصلیں بری طرح متاثر ہوئی ہیں جو ملکی برآمدات کی بنیاد سمجھی جاتی ہیں اور امکان ہے کہ اس کے اثرات نہ صرف برآمدات پر پڑیں گے بلکہ ٹیکسٹائل سیکٹر کو زیادہ کپاس درآمد کرنے پر بھی مجبور کریں گے۔ غلط پالیسیوں اور حکومتی عدم توجہی کے باعث مالی سال 25ء 25 میں خام کپاس کا درآمدی بل 2 ارب ڈالر سے تجاوز کر گیا۔ دوسری جانب پی بی ایس کے اعداد و شمار کے مطابق مالی سال 2026 کے جولائی میں سروسز کی برآمدات سالانہ بنیادوں پر 18.27 فیصد بڑھ کر 745.5 ملین ڈالر جبکہ ماہانہ بنیادوں پر 4.47 فیصد بڑھ گئیں۔ اسی طرح، سروسز کی درآمدات 71.4 ملین ڈالر رہیں، جو سالانہ بنیادوں پر معمولی 0.61 فیصد کمی اور ماہانہ بنیادوں پر 3.41 فیصد اضافے کی عکاسی کرتی ہیں۔ جولائی 26ء میں سروسز کے شعبے کا تجارتی خسارہ 125.92 ملین ڈالر رہا جو سالانہ بنیادوں پر 48.91 فیصد اور ماہانہ بنیادوں پر 2.44 فیصد کم ہوا۔

بقیہ 20 تجارت نیوز

اکاؤنٹ ہولڈرز کو پریشانی کا سامنا ہے۔ حکام مرکز قومی بچت کے مطابق آئی ٹی سسٹم کی بحالی کی ماہرین کی ٹیمیں کام کر رہیں، یہ جلد بحال ہو جائیگا، اکاؤنٹ ہولڈرز کو باقاعدگی سے ادائیگیاں ہو رہی ہیں۔ ذرائع کے مطابق ائی ٹی سسٹم بیٹھنے سے اے ٹی ایم کارڈ اور آن لائن ٹرانزیکشن کیلئے متعارف ایپ دونوں کام نہیں کر رہے، بائیومیٹرک بھی نہیں ہو رہا جس سے نئی سرمایہ کاری رک گئی ہے۔ انہوں نے کہا کہ مرکز قومی بچت نے 5، 10، 25 اور 40 ہزار روپے کے ڈیجیٹل پرائز بانڈز کے اجرا کی تیاریاں کر رکھی ہیں جو کہ آئی ٹی سسٹم بیٹھنے سے تاخیر کا شکار ہوگیا۔

بقیہ 21 تجارت نیوز

جہاں گزشتہ ہفتے تاریخی تیزی ریکارڈ کی گئی۔ متوازن خارجہ پالیسی اور عسکری ڈپلومیسی کے باعث عالمی سطح پر پاکستان کی ساکھ بہتر ہونے کے ساتھ سرمایہ کاری کی اہمیت بھی بڑھی جس نے مارکیٹ کے تمام سابقہ ریکارڈ توڑ دیے۔ ہفتہ وار کاروبار کے دوران کے ایس ای 100 انڈیکس 5659.41 پوائنٹس کے اضافے سے نئی بلند ترین سطح 154277.19 پوائنٹس پر بند ہوا۔ اسی طرح کے ایس ای 30 انڈیکس 2251.88 پوائنٹس بڑھ کر 47499.67 پوائنٹس پر، آل شیئرز انڈیکس 2663.10 پوائنٹس اضافے سے 94348.18 پوائنٹس پر اور کے ایم آئی 30 انڈیکس 11379.01 پوائنٹس اضافے سے 223849.80 پوائنٹس پر بند ہوا۔ کاروباری ہفتے میں مارکیٹ کے مجموعی سرمایے میں 4 کھرب 77 ارب 34 کروڑ روپے سے زائد کا اضافہ ہوا جس کے بعد مارکیٹ کی مجموعی مالیت بڑھ کر 181 کھرب 33 ارب روپے سے زائد ہوگئی۔

بقیہ 22 تجارت نیوز

گی۔ انہوں نے کہا کہ پاکستان میں مرکزی ڈیجیٹل کرنسی (CBDC) متعارف کرانے پر کام جاری ہے، تاہم اس کی اجرا سے قبل پاکستان ورچوئل اینٹس ریگولیٹری اتھارٹی (PVARA) کا قانون، اسٹیٹ بینک ایکٹ میں ترامیم اور مکمل ریگولیٹری فریم ورک ضروری ہے۔ قائمہ کمیٹی کی صدارت سینیٹر سلیم مانڈوی والا نے کی، جس میں PVARA بل کی شق وار منظوری کا عمل شروع کیا گیا۔ وزارت قانون کے قانونی مشیر شہروز بختیار نے اعتراف کیا کہ موجودہ FERA قوانین کو ڈیجیٹل اثاثوں پر نافذ کرنا ممکن نہیں اور اس میں ترامیم درکار ہوں گی۔ سینیٹر افنان اللہ خان نے کہا کہ پاکستانیوں کی ڈیجیٹل اثاثوں میں سرمایہ کاری 21 ارب ڈالر سے تجاوز کر چکی ہے اور حکومت کو فوری قانون سازی کرنی چاہیے۔ ڈاکٹر عنایت حسین نے واضح کیا کہ ڈیجیٹل کرنسی جاری ہونے کے بعد صارفین کو اپنے اکاو؟ نٹس سے روپے یا ڈیجیٹل روپے لینے کا اختیار ہوگا، ڈیجیٹل کرنسی کی قدر روپے کے برابر ہوگی اور اسٹیٹ بینک اسے مکمل کنٹرول کرے گا۔ وزارت قانون کے سیکریٹری راجہ نعیم اکبر نے کہا کہ ڈیجیٹل کرنسی کیلیے تمام عالمی اور مقامی قوانین بشمول FATF سفارشات اور اینٹی منی لانڈرنگ ایکٹ لاگو ہوں گے اور بیرون ملک کمپنیوں کو پاکستان میں دفتر قائم کرنا ہوگا۔ کمیٹی نے فیصلہ کیا کہ PVARA اتھارٹی کو وزارت خزانہ کے ماتحت کیا جائے گا اور اس کے چیئرمین کیلیے عمر کی حد 55 سال مقرر کی گئی ہے۔

بقیہ 23 تجارت نیوز

رہی۔ جبکہ بذریعہ کوٹس ہونے والے سودوں کی مالیت 5.294 بلین روپے، پلاٹینم کے سودوں کی مالیت 3.311 بلین روپے، چاندی کے سودوں کی مالیت 2.619 بلین روپے، این ایس ڈی کیو 100 کے سودوں کی مالیت 1.995 بلین روپے، خام تیل کے سودوں کی مالیت 1.242 بلین روپے، ایس پی 500 کے سودوں کی مالیت 397.871 ملین روپے، پلیڈیم کے سودوں کی مالیت 292.245 ملین روپے، قدرتی گیس کے سودوں کی مالیت 286.948 ملین روپے، کاپر کے سودوں کی مالیت 198.348 ملین روپے، جاپان ایکویٹی کے سودوں کی مالیت 168.123 ملین روپے، ڈی جے کے سودوں کی مالیت 115.602 ملین روپے اور برینٹ کے سودوں کی مالیت 66.522 ملین روپے رہی۔

بقیہ 24 تجارت نیوز

سال کے آغاز پر جولائی اور اگست کے دوران سالانہ بنیادوں پر پٹرولیم مصنوعات کی فروخت 5 فیصد کی بڑھوتری سے 2.523 ملین ٹن تک بڑھ گئی۔ رپورٹ کے مطابق پٹرول کی فروخت اگست 2025 کے دوران سالانہ بنیادوں پر 8 فیصد جبکہ ماہانہ بنیاد پر 10 فیصد کی بڑھوتری سے 6 لاکھ 75 ہزار ٹن رہی جبکہ جاری مالی سال کے پہلے دو ماہ کے دوران پٹرول کی فروخت کی کا حجم 1.288 ملین ٹن ریکارڈ کیا گیا ہے جو گزشتہ سال کی اسی عرصہ کی فروخت 1.216 ملین ٹن کے مقابلہ میں 6 فیصد زیادہ ہے۔ دوسری جانب ہائی سپیڈ ڈیزل کی فروخت میں بھی اگست 2025 کے دوران 14 فیصد کا نمایاں اضافہ ہوا اور فروخت کا حجم اگست 2024 کی 4 لاکھ 56 ہزار ٹن فروخت کے مقابلہ میں 5 لاکھ 22 ہزار ٹن تک بڑھ گیا جبکہ جولائی 2025 کے مقابلہ میں اگست 2025 کے دوران ہائی سپیڈ ڈیزل کی فروخت میں 2.6 فیصد کا اضافہ ہوا ہے۔ واضح رہے کہ جولائی اور اگست 2025 کے دوران ہائی سپیڈ ڈیزل کی فروخت 1.031 ملین ٹن رہی ہے جو گزشتہ مالی سال کے اسی عرصہ کی 9 لاکھ 21 ہزار ٹن فروخت کے مقابلہ میں 12 فیصد زائد رہی ہے۔ ٹاپ لائن سکیورٹیز کے مطابق فرنس آئل کی فروخت میں اگست 2025 کے دوران 71 فیصد کی نمایاں کمی ہوئی اور فروخت کا حجم 19 ہزار ٹن تک کم ہوگیا جبکہ اگست 2024 کے دوران فرنس آئل کی فروخت کا حجم 65 ہزار ٹن ریکارڈ کیا گیا تھا۔ اسی طرح رواں مالی سال کے ابتدائی 2 ماہ کے دوران فرنس آئل کی فروخت 76 فیصد کی نمایاں کمی سے ایک لاکھ 42 ہزار ٹن کے مقابلہ میں 34 ہزار ٹن تک کم ہوگئی۔

بقیہ 25 تجارت نیوز

زور دیتی ہے۔ رپورٹ میں کہا گیا ہے کہ اگرچہ پائیداری عالمی ترجیح بن چکی ہے لیکن پاکستان ابھی تک اسے اپنے معاشی ماڈل میں مؤثر طریقے سے شامل کرنے میں پیچھے ہے۔ پاکستان کے لیے سب سے بڑی رکاوٹ غیر ملکی سرمایہ کاری (FDI) کو اپنی طرف راغب کرنا ہے۔ سرمایہ کاروں کا اعتماد صرف مالی خطرات پر نہیں بلکہ سیاسی استحکام اور ریگولیٹری پیش بینی پر بھی انحصار کرتا ہے۔ رپورٹ کے مطابق پائیدار سرمایہ کاری حاصل کرنا اور بھی مشکل ہے کیونکہ سرمایہ کار قلیل مدتی منافع کو طویل مدتی گرین منصوبوں کے غیر یقینی نتائج کے مقابلے میں تولتے ہیں۔ اقوام متحدہ کی 2025 کی ایک رپورٹ کے مطابق ترقی پذیر ممالک میں پائیدار ترقی کے اہداف (SDGs) کے حصول کے لیے سرمایہ کاری کا سالانہ خلا 4 کھرب ڈالر ہے۔ پاکستان میں یہ خلا 2023 میں جی ڈی پی کے 16.1 فیصد کے برابر تھا، جو دنیا کے ترقی پذیر ممالک میں سب سے زیادہ میں شمار ہوتا ہے۔ پالیسی کی غیر یقینی صورتحال دباو؟ کو مزید بڑھا رہی ہے جیسے جیسے عالمی تجارت میں پائیداری سے جڑی شرائط اہمیت اختیار کر رہی ہیں، پاکستان کے برآمد کنندگان کو خطرہ ہے کہ اگر مقامی طریقے بین الاقوامی معیار کے مطابق نہ ہوئے تو انھیں تجارتی اخراج کا سامنا کرنا پڑ سکتا ہے۔ رپورٹ کے مطابق 2050 تک جنوبی ایشیا کی 15 فیصد جی ڈی پی ماحولیاتی نقصانات کی زد میں آسکتی ہے۔

بقیہ 26 تجارت نیوز

کہا گیا ہے کہ اگرچہ پائیداری عالمی ترجیح بن چکی ہے لیکن پاکستان ابھی تک اسے اپنے معاشی ماڈل میں مو؟ ثر طریقے سے شامل کرنے میں پیچھے ہے۔ پاکستان کے لیے سب سے بڑی رکاوٹ غیر ملکی سرمایہ کاری (FDI) کو اپنی طرف راغب کرنا ہے۔ سرمایہ کاروں کا اعتماد صرف مالی خطرات پر نہیں بلکہ سیاسی استحکام اور ریگولیٹری پیش بینی پر بھی انحصار کرتا ہے۔ رپورٹ کے مطابق پائیدار سرمایہ کاری حاصل کرنا اور بھی مشکل ہے کیونکہ سرمایہ کار قلیل مدتی منافع کو طویل مدتی گرین منصوبوں کے غیر یقینی نتائج کے مقابلے میں تولتے ہیں۔ اقوام متحدہ کی 2025 کی ایک رپورٹ کے مطابق ترقی پذیر ممالک میں پائیدار ترقی کے اہداف (SDGs) کے حصول کے لیے سرمایہ کاری کا سالانہ خلا 4 کھرب ڈالر ہے۔ پاکستان میں یہ خلا 2023 میں جی ڈی پی کے 16.1 فیصد کے برابر تھا، جو دنیا کے ترقی پذیر ممالک میں سب سے زیادہ میں شمار ہوتا ہے۔ پالیسی کی غیر یقینی صورتحال دباو؟ کو مزید بڑھا رہی ہے جیسے جیسے عالمی تجارت میں پائیداری سے جڑی شرائط اہمیت اختیار کر رہی ہیں، پاکستان کے برا؟ مدکنندگان کو خطرہ ہے کہ اگر مقامی طریقے بین الاقوامی معیار کے مطابق نہ ہوئے تو انھیں تجارتی اخراج کا سامنا کرنا پڑ سکتا ہے۔ رپورٹ کے مطابق 2050 تک جنوبی ایشیا کی 15 فیصد جی ڈی پی ماحولیاتی نقصانات کی زد میں ا؟ سکتی ہے۔ پاکستان کے لیے اس کا مطلب ہے گرین انرجی، پانی کے تحفظ اور معیشت میں ماحولیاتی لچک کو شامل کرنا۔ بصورت دیگر بار بار ا؟ نے والی ا؟ فات محدود وسائل کو مزید دیمک کی طرح چاٹتی رہیں گی۔ کارپوریٹ سطح پر پاکستان کی کمپنیاں پائیداری کی اہمیت کو تسلیم کرنے لگی ہیں۔ سیکیورٹیز اینڈ ایکسچینج کمیشن (SECP) نے جولائی 2025 سے فہرست شدہ کمپنیوں کے لیے عالمی S1 IFRS اور S2 پائیداری ڈسکلوزر معیارات کے تدریجی نفاذ کا اعلان کیا ہے، جو ایک اہم قدم ہے مگر اس کے لیے صلاحیت سازی لازمی ہوگی۔ چھوٹی اور درمیانی درجے کی کمپنیوں کو رپورٹنگ کے اخراجات، ڈیٹا کے موازنہ کی کمی اور "گرین واشنگ" کے خطرات کا سامنا ہے، جہاں کمپنیاں ماحولیاتی کارکردگی کو بڑھا چڑھا کر پیش کرتی ہیں۔ یہ عمل سرمایہ کاروں کے اعتماد کو ٹھیس پہنچاتا ہے۔ پاکستان نے گرین فنانس کے فروغ کے لیے اقدامات کیے ہیں جن میں اسٹیٹ بینک کی گرین بینکنگ گائیڈ لائنز (2017) اور SECP کا گرین بانڈ فریم ورک (2021) شامل ہیں۔

بقیہ 27 تجارت نیوز

ایڈیشنز منعقد ہوئی، جس میں پاکستان سے 10 نمائش کنندگان شریک ہوئے۔ ان میں سے 07 نے انٹرٹیکسٹائل (ITSA) میں اور 03 نے یارن ایکسپو میں اپنی مصنوعات پیش کیں۔ انٹرٹیکسٹائل شنگھائی اسپیرل فیبرکس میں 26 ممالک اور خطوں کے تقریباً 3,700 ملکی و غیر ملکی نمائش کنندگان شریک ہوئے، جبکہ یارن ایکسپو میں 16 ممالک کے تقریباً 580 نمائش کنندگان نے شرکت کی۔ یہ مضبوط عالمی شمولیت اس نمائش کی حیثیت کو ایک اہم بین الاقوامی مرکز کے طور پر اجاگر کرتی ہے جو تعاون، جدت اور تجارت کے بے مثال مواقع فراہم کرتا ہے اور دنیا بھر سے تجارتی وزیٹرز نے اس میلے میں شرکت کی، جس نے عالمی سورسنگ، نیٹ ورکنگ اور صنعتی تبادلے کے لیے ایک فعال پلیٹ فارم فراہم کیا۔ نمائش کنندگان کو اپنے ہدف شدہ خریداروں تک پہنچنے میں مدد دینے کے لیے، میلے میں مختلف پروڈکٹ زونز، گروپ پویلینز اور مخصوص ممالک اور خطوں کے پویلینز کا اہتمام کیا گیا تھا۔ پاکستان کے 10 نمائش کنندگان میں سے 03 نے ٹریڈ ڈویلپمنٹ اتھارٹی آف پاکستان (TDAP) کے تحت پاکستان پویلین میں شرکت کی تھی، جبکہ دیگر 04 انٹرٹیکسٹائل شنگھائی اور 03 یارن ایکسپو میں ا؟ زادانہ طور پر شریک ہوئے۔ اس ایڈیشن میں ملکی صنعت کو نمائش کنندگان اور وزیٹرز کی بین الاقوامی شمولیت سے نمایاں فائدہ حاصل ہوا۔

بقیہ 28 تجارت نیوز

لاہور کے صدر محمد اعجاز تنویر نے چینی عوام کی قربانیوں اور ثابت قدمی کو خراج تحسین پیش کیا اور اس فتح کو عالمی امن و انصاف کی جدوجہد میں ایک سنگ میل قرار دیا۔ پی بی ایف لاہور کے سرپرست اعلیٰ ریاض الحسن، سرپرست ودود علوی اور سیکرٹری محمود احمد نے صدر کے ہمراہ چین کو مبارکباد پیش کرتے ہوئے پاکستان اور چین کی ''آہنی دوستی'' کے عزم کو دہرانے کے ساتھ ساتھ اقتصادی تعاون کو مزید فروغ دینے پر زور دیا۔ انہوں نے دونوں ممالک کے درمیان تجارتی وفود کے تبادلے میں اضافے کی تجویز دی تاکہ تعاون کے نئے امکانات دریافت کیے جاسکیں اور دوطرفہ تجارت کو بڑھایا جا سکے۔ رہنماوں نے اس بات پر بھی زور دیا کہ کاروباری برادری کے باہمی روابط میں اضافہ پاک، چین اقتصادی راہداری اور بیلٹ اینڈ روڈ انیشی ایٹو کے تحت جاری منصوبوں کو مزید تقویت دے گا۔

بقیہ 29 تجارت نیوز

سے بتدریج سود کے خاتمے کے آئینی مینڈیٹ کے عین مطابق ہے۔ انہوں نے بتایا کہ ایس ای سی پی کے ریگولیٹری دائرہ کار میں آنے والے شریعہ کے مطابق ادارہ جاتی سرمایہ کاروں کو اب پابند کیا گیا ہے کہ وہ اپنے سیکیورٹیز کی ٹریڈنگ کے لین دین کو مرحلہ وار شریعہ کے مطابق سیکیورٹیز بروکرز کے ذریعے انجام دیں۔ یہ ضرورت تکافل آپریٹرز، ونڈو تکافل آپریٹرز اور دیگر شریعہ کے مطابق لائسنس یافتہ اداروں یعنی نان بینکنگ فنانس کمپنیوں، اجتماعی سرمایہ کاری کی اسکیموں، رضاکارانہ پنشن سکیموں، مداربہ، مداربہ مینجمنٹ کمپنیوں، پرائیویٹ فنڈز اور سیکیورٹیز بروکرز پر لاگو ہوتی ہے پہلے مرحلے میں، ان ادارہ جاتی سرمایہ کاروں کو 31 دسمبر 2025 تک ایک اندرونی پالیسی بنانا ہوگی۔

بقیہ 30 تجارت نیوز

فوری اور باآسانی فنڈز کی منتقلی کے عمل میں ایک اہم پیش رفت ہے۔ کیپالیسٹ آئی ٹی سلوشنز کے تعاون سے نافذ کیا گیا یہ اسٹریٹجک انضمام پاکستان کی کیپٹل مارکیٹ میں ڈیجیٹلائزیشن، شفافیت اور آپریشنل کارکردگی کو فروغ دینے کیلئے سی ڈی سی کے ویژن کو آگے بڑھانے کی عکاسی ہے۔ سی ڈی سی کے ہیڈ آفس میں منعقدہ تقریب میں معاہدے پر سی ڈی سی کے چیف ایگزیکٹو آفیسر بدیع الدین اکبر اور عارف حبیب لمیٹڈ کے چیف ایگزیکٹو آفیسر شاہد علی حبیب نے دستخط کیے۔

بقیہ 31 تجارت نیوز

تبدیلی پاکستان کے ترقیاتی عمل اور ترقیاتی پھیلاؤ کی راہ میں بڑی رکاوٹ بن کر ابھری ہے، موسمیاتی تبدیلی کے باعث ہونے والے نقصانات کی شدت پہلے کے مقابلے میں کہیں زیادہ ہے، مون سون سسٹم کی ہوائیں سندھ کے جنوب مشرقی علاقوں کا رخ کر رہی ہیں اور کہا جا رہا ہے کہ دریائے سندھ میں اگلے دو سے تین روز میں نہائی اونچے درجے کا سیلاب آسکتا ہے اس لئے ضرورت اس امر کی ہے کہ سندھ حکومت بروقت کارروائی کرتے ہوئے لوگوں کو محفوظ مقامات پر منتقل کرے تاکہ بڑے نقصان سے بچا جا سکے۔ زبیر طفیل نے کہا کہ پنجاب میں ہونے والی بارشوں کے باعث سیلابی صورتحال میں مزید شدت کا خدشہ ہے جبکہ سیلاب کی وجہ سے پہلے ہی وسیع رقبے پر پھیلی مختلف فصلوں کو نقصان پہنچ چکا ہے، بالخصوص کپاس، سبزیوں اور پھلوں کی فصلیں تباہ ہوئی ہیں تاہم اصل نقصان کا اندازہ پانی اترنے کے بعد ہی ہوسکے گا لیکن فصلوں کی تباہی کا فائدہ ذخیرہ اندوزوں نے سبزیاں مہنگی کرکے اٹھانا شروع کر دیا ہے۔ انہوں نے کہا کہ 30 سے 35 ہزار گا؟ ؤں سیلاب کی نذر ہو چکے ہیں جبکہ 20 سے 25 لاکھ ایکڑ پر کھڑی فصلیں تباہ ہوگئی ہیں، بدترین سیلاب سے مختلف فصلوں، گندم کے ذخیرے، لائیو سٹاک اور پولٹری فارمز تباہ ہونے سے قیمتوں میں 30 سے 50 فیصد تک اضافے کا خدشہ ہے، اس لئے وفاقی اور صوبائی حکومتیں سیلاب کی آڑ میں غذائی اشیاء بالخصوص اجناس اور سبزیوں کی ذخیرہ اندوزی اور منافع خوری کرنے والوں پر نظر رکھیں کیونکہ منافع خور عناصر اشیاء خورد و نوش کی دانستہ قلت پیدا کرکے اپنی تجوریاں بھرنا چاہتے ہیں جنہیں حکومت ناکام بنا سکتی ہے۔

بقیہ 32 تجارت نیوز

بنانے کی ہدایت کی ہے۔ ترجمان پی ڈی ایم اے نے کہا کہ پنجاب کے دریاؤں میں طغیانی کی صورتحال برقرار ہے، دریائے ستلج گنڈا سنگھ والا کے مقام پر انتہائی اونچے درجے کا سیلاب اور پانی کا بہاؤ 3 لاکھ 11 ہزار کیوسک ہے، دریائے ستلج سلیمانکی کے مقام پر اونچے درجے کا سیلاب اور پانی کا بہاؤ 1 لاکھ 38 ہزار کیوسک ہے، دریائے چناب مرالہ کے مقام پر پانی کا بہاؤ 84 ہزار کیوسک ہے۔ پی ڈی ایم اے پنجاب نے کہا کہ دریائے چناب میں خانکی ہیڈ ورکس کے مقام پر نچلے درجے کا سیلاب اور پانی کا بہاؤ 1 لاکھ 42 ہزار کیوسک ہے، دریائے چناب میں قادرآباد کے مقام پر نچلے درجے کا سیلاب اور پانی کا بہاؤ 1 لاکھ 41 ہزار کیوسک ہے، ہیڈ تریموں کے مقام پر انتہائی اونچے درجے کا سیلاب ہے، ہیڈ تریموں کے مقام پر پانی کا بہاؤ 5 لاکھ 43 ہزار کیوسک ہے۔ بیان کے مطابق دریائے راوی جسڑ کے مقام پر نچلے درجے کا سیلاب اور پانی کا بہاؤ 56 ہزار کیوسک ہے، دریائے راوی شاہدرہ کے مقام پر اونچے درجے کا سیلاب اور پانی کا بہاؤ 93 ہزار کیوسک ہے، بلوکی ہیڈ ورکس کے مقام پر انتہائی اونچے درجے کا سیلاب اور پر پانی کا بہاؤ 1 لاکھ 48 ہزار کی کیوسک ہے، دریائے راوی ہیڈ سدھنائی کے مقام پر اونچے درجے کا سیلاب اور پانی کا بہاؤ 91 ہزار کیوسک ہے۔

بقیہ 33 تجارت نیوز

مشتہرین بلکہ عام صارفین بھی متاثر ہوئے۔ اینٹی ٹرسٹ کمشنر ٹیریسا ریبیرا کا کہنا تھا کہ یہ رویہ یورپی قوانین کے مطابق غیر قانونی ہے۔ دلچسپ بات یہ ہے کہ ٹریسا ریبیرا نے اسی ہفتے کے آغاز میں ممکنہ امریکی جوابی اقدامات کے خوف سے جرمانے پر وقتی طور پر توقف کر دیا تھا، مگر بعد ازاں فیصلہ سختی سے نافذ کر دیا گیا۔ دوسری جانب یورپی یونین یہ بھی دیکھ رہی ہے کہ امریکا جولائی میں طے پانے والے تجارتی معاہدے کے تحت کاروں پر ٹیرف میں کمی کے وعدے کو پورا کرے گا یا نہیں۔ برسلز نے گوگل کو حکم دیا ہے کہ وہ اپنے ''خود پسندی کے رویے'' کو ترک کرے اور ایسے اقدامات کرے جو اس کے کاروباری مفادات اور مارکیٹ کے اصولوں کے درمیان ٹکراؤ کو ختم کریں۔ کمیشن نے کمپنی کو 60 دن کی مہلت دی ہے تاکہ وہ بتا سکے کہ یہ تبدیلیاں کس طرح لائی جائیں گی۔ ٹریسا ریبیرا نے عندیہ دیا کہ اس مسئلے کا مؤثر حل شاید یہی ہو کہ گوگل اپنے ایڈ ٹیک کاروبار کا کچھ حصہ فروخت کرے۔ دوسری جانب گوگل نے یورپی یونین کے فیصلے کو مسترد کرتے ہوئے اپیل کرنے کا اعلان کیا ہے۔ کمپنی کے عالمی سربراہ برائے ریگولیٹری امور، لی-این ملہولینڈ نے کہا کہ یہ جرمانہ بلاجواز ہے اور ایسی تبدیلیاں ہزاروں یورپی کاروباروں کو نقصان پہنچائیں گی، کیونکہ اس سے ان کے لیے آمدنی حاصل کرنا مشکل ہو جائے گا۔ ان کا مزید کہنا تھا کہ گوگل کی سروسز بالکل مسابقتی ہیں اور اب ان کے متبادل پہلے سے کہیں زیادہ دستیاب ہیں۔

بقیہ 34 تجارت نیوز

دین کو فروغ دینے کا عمل مزید تیز کر دیا ہے۔ فیصل بینک کے صدر اور چیف ایگزیکٹو افیسر یوسف حسین نے کہا، ''فیصل بینک ہمیشہ جدید سلوشنز فراہم کرنے میں پیش پیش رہا ہے، جن کا مقصد ایس ایم ای اور ریٹیل لین دین کو ڈیجیٹل بنانا ہے۔ ہم شراکت داری کو فروغ دینے پر یقین رکھتے ہیں تاکہ ایک ایسا نظام تشکیل دیا جاسکے جس کا تمام اسٹیک ہولڈرز اور صارفین کو فائدہ ہو اور ساتھ ہی بہترین نتائج کے لیے مشترکہ فریم ورک بھی بنایا جا سکے۔

بقیہ 35 تجارت نیوز

بنیادی تیاری کے بغیر قرار دیا ہے۔ ایک بیان میں سلیم ولی محمد نے کہا کہ ایف بی آر نے نہ تو کوئی تربیتی سیمینار منعقد کیے، نہ آگاہی مہم چلائی اور نہ ہی متعلقہ اسٹیک ہولڈرز سے مشاورت کی۔ اس اقدام نے کاروباری طبقے کو الجھن اور اضافی دباؤ میں مبتلا کر دیا ہے خاص طور پر ایسے وقت میں جب ملک شدید معاشی اور ماحولیاتی بحرانوں سے دوچار ہے۔ انہوں نے واضح کیا کہ ہم ای انوائسنگ کے خلاف نہیں ہیں لیکن جس انداز میں اسے نافذ کیا جا رہا ہے وہ زمینی حقائق کو نظرانداز کرنے کے مترادف ہے جن میں شدید بارشیں، بجلی کی بندش اور ڈیجیٹل سہولیات کا فقدان شامل ہے۔ سلیم ولی محمد نے حکومت سے مطالبہ کیا کہ اس پالیسی کو مرحلہ وار نافذ کیا جائے، ابتدا میں پبلک لمیٹڈ اور ملٹی نیشنل کمپنیوں پر اطلاق کیا جائے اور بعد ازاں چھوٹے اور درمیانے درجے کے کاروباروں تک توسیع دی جائے۔ انہوں نے زور دیا کہ ٹیکس دہندگان کو نئے نظام کے بارے میں تربیت دینے کے لیے باقاعدہ سیشنز اور آگاہی فراہم کی جائے کیونکہ چھوٹے تاجروں کی اکثریت کے پاس نہ کمپیوٹر ہیں۔

بقیہ 36 تجارت نیوز

کے سی سی آئی محمد جاوید بلوانی، سینئر نائب صدر ضیاء العارفین، نائب صدر فیصل خلیل احمد، چیئرمین کسٹمز، ویلیوایشن سب کمیٹی عارف لاکھانی، سابق صدور افتخار احمد وہرا، افتخار احمد شیخ اور منیجنگ کمیٹی کے اراکین شریک تھے۔ چیف کلکٹر نے تاجر برادری کو درپیش طریقہ کار کی رکاوٹیں کم کرنے کے لیے چیمبر کے ساتھ مؤثر رابطے پر زور دیتے ہوئے اس امر کی تصدیق کی کہ فرسٹ ان فرسٹ آوٹ (ایف آئی ایف او) سسٹم کو دوبارہ نافذ کیا جائے گا تاکہ بروقت پراسیسنگ کو یقینی بنایا جا سکے۔

بقیہ 37 تجارت نیوز

کنویز ایکسپورٹ آف مین پاور اینڈ اوورسیز پاکستانیز کمیٹی آئی سی سی آئی عمر حنان قریشی بھی ہمراہ تھے۔ اس موقع پر بیرون ملک پروموٹرز کو درپیش مسائل پر توجہ مرکوز کی گئی اور افرادی قوت کی برآمد میں آسانی کو یقینی بنانے کے لیے آگے بڑھنے کے راستے تلاش کیے گئے۔ چیئرپرسن گلمینہ بلال احمد نے روشنی ڈالی کہ نیوٹیک نے نوجوانوں کو مارکیٹ سے متعلقہ مہارتوں سے آراستہ کرنے اور روایتی طور پر مردوں کے زیر تسلط تجارت میں خواتین کو بااختیار بنانے کے لیے متعدد اقدامات اٹھائے ہیں۔ انہوں نے پاکستان کے ہنرمندی کے ایجنڈے میں وزیر اعظم کی ذاتی دلچسپی کو اس کے ملک گیر اثرات کے پیچھے محرک قرار دیا۔

بقیہ 38 تجارت نیوز

کاجا کالاس نے کہا کہ شی جن پنگ، پیوٹن اور کم جونگ ان کا ایک ساتھ نظر آنا ایک مغرب مخالف نئے عالمی نظام کی تشکیل کی کوشش ہے اور یہ قواعد پر مبنی بین الاقوامی نظام کے لیے براہِ راست چیلنج ہے۔ اس کے جواب میں چینی وزارت خارجہ کی ترجمان گو جیاکن نے کہا کہ یورپی یونین کی اعلیٰ اہلکار کے بیانات نظریاتی تعصب سے بھرے ہوئے، بنیادی تاریخی علم سے خالی اور کھلے عام محاذ آرائی اور تنازع کو ہوا دیتے ہیں۔ انہوں نے مزید کہا کہ ایسے بیانات انتہائی گمراہ کن اور بالکل غیر ذمے دارانہ ہیں، ہم امید کرتے ہیں کہ یہ لوگ کنویں کے مینڈک جیسا تعصب اور تکبر ترک کریں گے اور ایسے مزید اقدامات کریں گے جو دنیا میں امن و استحکام اور چین، یورپ تعلقات کے لیے سازگار ہوں۔ اس کے علاوہ روس کی جانب سے بھی تنقید کو مسترد کر دیا گیا۔

بقیہ 39 تجارت نیوز

دیتے ہیں۔ افتتاحی تقریب میں سابق چیف ایگزیکٹو ٹریڈ ڈیولپمنٹ اتھارٹی آف پاکستان (ٹڈاپ) اور بزنس مین گروپ کے چیئرمین زبیر موتی والا، کراچی چیمبر آف کامرس اینڈ انڈسٹری (کے سی سی آئی) کے صدر جاوید بلوانی، افروز ٹیکسٹائلز انڈسٹریز کے چیئرمین فیروز عالم لاری اور ان کی صاحبزادی حرا لاری، افروز لاری، حفیظ عزیز، آصف بالاگام والا، ناصر رنگون والا، سکندر پاٹیلا، آصف چاڈیا، خالد احسان، جاوید الیاس، ساجد مقبول، سعد حفیظ، کاشف سلاٹ، جاوید عزیز اور سلیبرٹیز نے شرکت کی۔

بقیہ 40 تجارت نیوز

کو اپنانے میں تعاون کر سکیں۔ اس ویبینار میں رکن ممالک اور پیشہ ور اداروں نے بڑی تعداد میں حصہ لیا، جس سے خطے میں سسٹین ایبلٹی رپورٹنگ کو فروغ دینے کے عزم کا اظہار ہوا۔ اس ویبینار میں پاکستان، ترکیہ اور ملائیشیا نے اپنے تجربات شیئر کیے، جن میں ریگولیٹری نظام، صلاحیت کی ترقی اور ISSB معیارات کو اپنانے کے مسائل شامل تھے۔ ایس ای سی پی نے پاکستان کے ریگولیٹری سفر اور ISSB کو اپنانے کے لیے اس کے مرحلہ وار روڈ میپ کا اشتراک کیا، جس میں مارکیٹ کی صلاحیت کو مضبوط کرنے اور اسٹیک ہولڈرز کو شامل کرنے کے اقدامات کو اجاگر کیا۔

بقیہ 41 تجارت نیوز

سودوں کی مالیت 2.130 بلین روپے، این ایس ڈی کیو 100 کے سودوں کی مالیت 2.216 بلین روپے، خام تیل کے سودوں کی مالیت 1.362 بلین روپے، ایس پی 500 کے سودوں کی مالیت 486.351 ملین روپے، قدرتی گیس کے سودوں کی مالیت 254.002 ملین روپے، کاپر کے سودوں کی مالیت 231.085 ملین روپے، ڈی جے کے سودوں کی مالیت 101.945 ملین روپے، جاپان ایکویٹی کے سودوں کی مالیت 166.035 ملین روپے، پلیڈیم کے سودوں کی مالیت 65.866 ملین روپے، برینٹ کے سودوں کی مالیت 54.772 ملین روپے اور ایلومینیم کے سودوں کی مالیت 1.426 ملین روپے رہی۔

بقیہ 42 تجارت نیوز

اور اراکین کو نوٹیفکیشن سے متعلق امور پر بھی تفصیلی تبادلہ خیال ہوا۔ پاکستان سنگل ونڈو سبسکرپشن اور اراکین کی کمپلائنس پر پیش رفت رپورٹ پیش کی گئی، جبکہ وی سی سی آئی کے میمورنڈم اور آرٹیکلز آف ایسوسی ایشن کے نظر ثانی شدہ اور آڈٹ شدہ مسودے کا جائزہ لے کر منظوری دی گئی ایگزیکٹو کمیٹی نے بزنس ڈویلپمنٹ اقدامات، تجارتی نمائشوں اور ایکسپو میں شمولیت، B2B روابط، اور اراکین کی استعداد کار بڑھانے کے لیے تربیتی پروگرامز پر بھی غور کیا۔ اس دوران پاکستان سنگل ونڈو اور نوجوان کاروباری افراد کے لیے آئندہ سیشنز کے انعقاد پر اتفاق کیا گیا۔ اجلاس میں اگست 2025 کے دوران شامل ہونے والی نئی اور بحال شدہ ممبرشپس کی منظوری دی گئی، جبکہ ممبرشپ کلاس میں تبدیلی کی درخواستوں کا جائزہ لے کر فیصلہ بھی کیا گیا۔

بقیہ 43 تجارت نیوز

ہوئے رجحانات کے مطابق اپنے آپ کو تیار کر سکیں۔ بدھ کو ''تجربہ، علم اور ترقی'' کے عنوان سے چھ ہفتے کے تیسرے سمر انٹرن شپ پروگرام کی اختتامی تقریب میں بطور مہمان خصوصی خطاب کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ اس طرح کے پروگرام طلبا کو نصابی تعلیم اور عملی زندگی کے درمیان فرق کو ختم کرنے کے مواقع فراہم کرتے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ کارپوریٹ سیکٹر کو تعلیمی اداروں کے ساتھ ملکر نوجوانوں کو مستقبل کے چیلنجز کے لیے تیار کرنے پر سرمایہ کاری کرنی چاہیے۔ میاں کاشف اشفاق نے کہا کہ آج کا مسابقتی ماحول ایسے پیشہ ور افراد کا متقاضی ہے جو نہ صرف روایتی اور جدید تعلیم کے مالک ہوں بلکہ جدید ٹیکنالوجی، اختراعات اور طریق کار سے بھی بخوبی واقف ہوں۔ انہوں نے کہا کہ فرنیچر کا شعبہ پاکستان کی برآمدی صنعتوں میں سے ایک ہے اور اس میں نئی منڈیوں کی تلاش کے لیے نئے خیالات کے حامل اور متحرک نوجوانوں کی ضرورت ہے۔ جی ایم انٹیریرز چن ون ماریہ توقیر نے خطاب کرتے ہوئے منتظمین کی کاوشوں اور پروگرام کو کامیابی سے مکمل کرنے والے طلبا کے جوش و جذبے کو سراہا۔ انہوں نے امید ظاہر کی کہ اس انٹرن شپ کے دوران حاصل ہونے والا تجربہ ان نوجوانوں کے پیشہ ورانہ کیریئر کے لیے ایک مضبوط بنیاد کا کام کرے گا۔ انہوں نے اعلان کیا کہ ہم یونیورسٹیوں کے طلبا کے لیے مستقل بنیادوں پر انٹرن شپ کا انعقاد کرتے رہیں گے تاکہ وہ مارکیٹ کے عالمی رجحانات کے مطابق خود کو تیار کرسکیں۔

بقیہ 44 تجارت نیوز

تھا کہ ہمارے بین الاقوامی شراکت دار ادارے مسئلے کو ترجیحی بنیادوں پر حل کر رہے ہیں۔ پی ٹی سی ایل کی مقامی ٹیمیں صارفین پر اثرات کو کم سے کم کرنے کیلئے متبادل بینڈ وڈتھ کا انتظام کر رہی ہیں۔ انہوں نے کہا کہ ہم صارفین کے صبر و تحمل کیلئے ان کے شکر گزار ہیں۔

بقیہ 45 تجارت نیوز

پی میر نادر مگسی۔ اس موقع پر ایکسین اریگیشن ٹوری بند امیر بخش مہرنے بریفنگ دیتے ہوئے بتایا کہ آج سیلابی ریلا پچند پہنچ رہا ہے

بقیہ 46 تجارت نیوز

شروع کر دی ہیں۔ بونیر اور صوابی اضلاع میں 2000 سے زائد مریضوں کو ہنگامی طبی سہولیات فراہم کرنے کے بعد، سی ایچ سی ایس نے پنجاب کے سیلاب متاثرہ علاقوں میں اپنی انسانی خدمت کی سرگرمیوں کو بھی بڑھا دیا ہے یہ بات فیڈرل ٹیکس محتسب اور (OICOA) کے سیکریٹری جنرل ڈاکٹر آصف محمود جاہ نے میڈیا سے بات چیت کرتے ہوئے کہیں۔ انہوں نے کہا کہ سی ایچ سی ایس کی ٹیم آج ان کی نگرانی میں سوات کے شہر مینگورہ پہنچی تاکہ ان لوگوں سے ملاقات کی جا سکے جو علاقے میں آنے والے تباہ کن فلیش فلڈ سے شدید متاثر ہوئے ہیں۔

بقیہ 47 تجارت نیوز

سے مشاورت کی۔ اس اقدام نے کاروباری طبقے کو الجھن اور اضافی دباؤ میں مبتلا کر دیا ہے خاص طور پر ایسے وقت میں جب ملک شدید معاشی اور ماحولیاتی بحرانوں سے دوچار ہے۔ انہوں نے واضح کیا کہ ہم ای انوائسنگ کے خلاف نہیں ہیں لیکن جس انداز میں اسے نافذ کیا جا رہا ہے وہ زمینی حقائق کو نظرانداز کرنے کے مترادف ہے جن میں شدید بارشیں، بجلی کی بندش اور ڈیجیٹل سہولیات کا فقدان شامل ہے۔ سلیم ولی محمد نے حکومت سے مطالبہ کیا کہ اس پالیسی کو مرحلہ وار نافذ کیا جائے، ابتدا میں پبلک لمیٹڈ اور ملٹی نیشنل کمپنیوں پر اطلاق کیا جائے اور بعد ازاں چھوٹے اور درمیانے درجے کے کاروباروں تک توسیع دی جائے۔

بقیہ 48 تجارت نیوز

ان کی رسائی کو بہتر بنانے کے لئے دونوں اداروں کے درمیان ڈیٹا شیئرنگ اور دیگر خدمات کے تبادلے کا جائزہ لیا تاکہ آنے والے دنوں میں مفاہمت کی یادداشت (ایم او یو) پر دستخط کے ذریعے مجوزہ اشتراک عمل کو باضابطہ شکل دی جا سکے۔

بقیہ 49 تجارت نیوز

کہ حکومت کو متاثرہ کسانوں کے لیے ہنگامی نقد امداد، بیج اور کھاد سبسڈی اور قرضوں کی ری شیڈولنگ کرے اور شفاف امپورٹ ٹینڈرز جاری کئے جائیں۔ انہوں نے تجویز دی کہ دودھ، پولٹری، پھل اور سبزیوں کی برآمدات پر کم از کم 90 دن کی پابندی لگائی جائے تاکہ مقامی منڈیوں میں قلت نہ ہو جبکہ منافع خوروں کے خلاف سخت انتظامی اقدامات کئے جائیں۔ انہوں نے کہا کہ سیلاب نے پنجاب کی تین بڑی فصلوں کو بری طرح نقصان پہنچایا ہے ساتھ مویشیوں کے بڑے پیمانے پر نقصان نے دیہی معیشت کو مزید کمزور کر دیا ہے۔

ایف پی سی سی آئی کے تجارتی وفد کے دورہ عمان کے دوران فیڈریشن اور عمان چیمبر کے عہدیداران یادگاری شیلڈوں کا تبادلہ کررہے ہیں

پی ایم ای ایکس میں 43.477 بلین روپے کے سودے

سب سے زیادہ سودے سونے کے ہوئے جن کی مالیت 27.284 بلین روپے رہی

کراچی (کامرس رپورٹر) پاکستان مرکنٹائل ایکسچینج لمیٹڈ میں جمعرات کے دن میٹلز، انرجی، کوٹس اور انڈیکس کے 43.477 بلین روپے مالیت کے سودے ہوئے جن کی مجموعی تعداد 50,548 رہی۔ سب سے زیادہ سودے سونے کے ہوئے جن کی مالیت 27.284 بلین روپے (باقی صفحہ 03 بقیہ نمبر 23)

پیٹرولیم مصنوعات کی فروخت، اگست میں 7 فیصد اضافہ ہوا

ایک ماہ میں فروخت 5 فیصد کی بڑھوتری سے 2.523 ملین ٹن تک بڑھ گئی

کراچی (کامرس رپورٹر) ملک میں پٹرولیم مصنوعات کی فروخت میں ماہانہ بنیادوں پر جولائی 2025 کے دوران 6 فیصد جبکہ اگست 2025 کے دوران 7 فیصد اضافہ ہوا اور اگست کے دوران فروخت کا مجموعی حجم 1.3 ملین ٹن رہا ہے۔ ٹاپ لائن سکیورٹیز کی رپورٹ کے مطابق جاری مالی (باقی صفحہ 03 بقیہ نمبر 24)

چیف کلکٹر کسٹمز اپریزمنٹ واجد علی کراچی چیمبر کے صدر جاوید بلوانی سے شیلڈ وصول کررہے ہیں

پاکستان میں تیل و گیس کے نئے ذخائر دریافت

پائیداری عالمی ترجیح بن چکی ہے لیکن پاکستان ابھی تک اسے اپنے معاشی ماڈل میں مؤثر طریقے سے شامل کرنے میں پیچھے ہے

پائیدار سرمایہ کاری حاصل کرنا مشکل ہے کیونکہ سرمایہ کار قلیل مدتی منافع کو طویل مدتی گرین منصوبوں کے غیر یقینی نتائج کے مقابلے میں تولتے ہیں

کراچی (مانیٹرنگ ڈیسک) پاکستان کی معیشت کو گہرے ساختی مسائل، بڑھتے ہوئے ماحولیاتی خطرات اور وسیع سرمایہ کاری کے خلا نے طویل المدتی استحکام کے خطرے میں ڈال دیا ہے۔ حکومت کی برآمدات پر مبنی ترقی اور پائیدار ترقی کے وعدوں کے باوجود ماہرین نے خبردار کیا کہ سرمایہ کاری میں رکاوٹیں، ماحولیاتی کمزوری کا سامنا اور پائیدار کاروباری طریقوں کی کمی ملک کے امکانات کو شدید نقصان پہنچا رہی ہے۔ چارٹرڈ اکاؤنٹنٹس کی ایسوسی ایشن (ACCA) اور پاکستان بزنس کونسل (PBC) کی مشترکہ رپورٹ پائیدار فنانس، کارپوریٹ گورننس اور پالیسی فریم ورک میں اصلاحات کی ضرورت پر (باقی صفحہ 03 بقیہ نمبر 25)

پالیسی کا عدم استحکام گرین فنانس کی راہ میں رکاوٹ

سرمایہ کاری میں رکاوٹیں، ماحولیاتی کمزوری کا سامنا اور پائیدار کاروباری طریقوں کی کمی ملک کے امکانات کو شدید نقصان پہنچا رہی ہے

پائیدار سرمایہ کاری حاصل کرنا اور بھی مشکل ہے کیونکہ سرمایہ کار قلیل مدتی منافع کو طویل مدتی گرین منصوبوں کے غیر یقینی نتائج کے مقابلے میں تولتے ہیں

کراچی (کامرس رپورٹر) پاکستان کی معیشت کو گہرے ساختی مسائل، بڑھتے ہوئے ماحولیاتی خطرات اور وسیع سرمایہ کاری کے خلا نے طویل المدتی استحکام کے خطرے میں ڈال دیا ہے۔ حکومت کی برآمدات پر مبنی ترقی اور پائیدار ترقی کے وعدوں کے باوجود ماہرین نے خبردار کیا کہ سرمایہ کاری میں رکاوٹیں، ماحولیاتی کمزوری کا سامنا اور پائیدار کاروباری طریقوں کی کمی ملک کے امکانات کو شدید نقصان پہنچا رہی ہے۔ چارٹرڈ اکاؤنٹنٹس کی ایسوسی ایشن (ACCA) اور پاکستان بزنس کونسل (PBC) کی مشترکہ رپورٹ پائیدار فنانس، کارپوریٹ گورننس اور پالیسی فریم ورک میں اصلاحات کی ضرورت پر (باقی صفحہ 03 بقیہ نمبر 26)

شنگھائی ایسپرل فیبر کس میں 26 ممالک کی کمپنیز کی شرکت

کراچی (کامرس مرس رپورٹر) 02 سے 04 ستمبر 2025 تک نیشنل ایگزیبیشن اینڈ کنونشن سینٹر (شنگھائی) میں انٹرنیکسٹائل شنگھائی ایسپرل فیبر کس اور یارن ایکسپو 17ثم (باقی صفحہ 03 بقیہ نمبر 27)

پی بی ایف کی جانب سے چین کو 80 ویں یومِ فتح پر مبارکباد

یہ فتح عالمی امن و انصاف کی جدوجہد میں سنگ میل ثابت ہوگی، اعجاز تنویر

لاہور (کامرس ڈیسک) پاکستان بزنس فورم نے جاپانی جارحیت کے خلاف مزاحمتی جنگ میں کامیابی کی 80 ویں سالگرہ پر چین کو مبارکباد پیش کی ہے۔ پاکستان میں تعینات چینی سفیر کو اپنے پیغام میں لاہور چیمبر آف کامرس اینڈ انڈسٹری کے سابق ایگزیکٹو کمیٹی ممبر اور پی بی ایف (باقی صفحہ 03 بقیہ نمبر 28)

ایس ای سی پی کا سروسز کو آسان بنانے کے لیے اقدامات

مالیاتی شعبے سے بتدریج سود کے خاتمے کے آئینی مینڈیٹ کے عین مطابق ہے

لاہور (کامرس ڈیسک) سیکیورٹیز اینڈ ایکسچینج کمیشن آف پاکستان (ایس ای سی پی) نے اپنی متعلقہ لائسنس یافتہ اداروں کو شریعہ کے مطابق انٹرمیڈیری سروسز کی ترقی کو آسان بنانے کے لیے ٹھوس اقدامات اختیار کرنے کی ہدایت دی ہے۔ ترجمان کے مطابق یہ ہدایت مالیاتی شعبے (باقی صفحہ 03 بقیہ نمبر 29)

سی ڈی سی اور عارف حبیب کے درمیان راست ایگریگیٹر پر معاہدہ

کراچی: (کامرس رپورٹر) سینٹرل ڈپازٹری کمپنی (CDC) نے عف حبیب لمیٹڈ کو اپنے راست ایگریگیٹر پلیٹ فارم میں شامل کرلیا ہے جو سرمایہ کاروں کیلئے محفوظ، (باقی صفحہ 03 بقیہ نمبر 30)

بھارت اور روس کو ہم نے کھو دیا وہ چین کے تاریک اثر میں جا چکے، ٹرمپ

بھارت پر 50 فیصد درآمدی محصولات عائد کرنے اور روس سے سستا تیل خریدنے کے تناظر میں امریکا نے سخت مؤقف اپنایا

دونوں کیلئے خوشحال مستقبل کی دعا کرتا ہوں، بیان چین کے شہر شنگھائی تعاون تنظیم (SCO) اجلاس کے بعد سامنے آیا

واشنگٹن (مانیٹرنگ ڈیسک) امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ نے کہا ہے کہ بھارت اور روس اب امریکا کے قریب نہیں رہے بلکہ چین کے گہرے اور تاریک اثر میں جا چکے ہیں۔ ٹرمپ نے سوشل میڈیا پلیٹ فارم پر بیان دیتے ہوئے طنزیہ انداز میں کہا کہ ''ہم نے بھارت اور روس کو کھو دیا ہے، وہ چین کے تاریک ترین اثر میں چلے گئے ہیں، ان کے لیے ایک طویل اور خوشحال مستقبل کی دعا کرتا ہوں۔ یہ بیان چین کے شہر تیانجن میں ہونے والے شنگھائی تعاون تنظیم (SCO) اجلاس کے بعد سامنے آیا جہاں بھارتی وزیراعظم نریندر مودی، روسی صدر ولادیمیر پیوٹن اور چینی صدر شی جن پنگ نے ایک دوسرے کے ساتھ تعاون اور اتحاد کے اشارے دیے۔ تجزیہ کاروں کے مطابق یہ پیغام امریکا اور بھارت کے درمیان (باقی صفحہ 03 بقیہ نمبر 03)

کراچی چیمبر کے سینئر نائب صدر ضیاء العارفین سے بانی صدر جی پی سی سی آئی روبینہ مارکولو معاہدے کی کاپی وصول کررہی ہیں

ٹرمپ کی دھمکیوں کے باوجود گوگل پر 2.95 ارب یورو کا جرمانہ

یورپی کمیشن کے مطابق گوگل نے ایڈ ٹیک کے شعبے میں اپنی طاقت کا ناجائز فائدہ اٹھایا

لندن (مانیٹرنگ ڈیسک) یورپی یونین نے امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ کی سخت وارننگ کو نظر انداز کرتے ہوئے دنیا کی سب سے بڑی ٹیکنالوجی کمپنیوں میں سے ایک، گوگل پر 2.95 ارب یورو (3.47 ارب ڈالر) کا بھاری جرمانہ عائد کردیا ہے۔ یہ جرمانہ کمپنی پر اپنی اشتہاری خدمات میں مسابقت کو ختم کرنے اور مارکیٹ میں غیر منصفانہ برتری قائم رکھنے کے الزام میں کیا گیا۔ یورپی کمیشن کے مطابق گوگل نے ایڈ ٹیک کے شعبے میں اپنی طاقت کا ناجائز فائدہ اٹھایا، جس سے نہ صرف پبلشرز اور (باقی صفحہ 03 بقیہ نمبر 33)

فن ٹیک کے ذریعے 100 ارب روپے کی ادائیگیوں کی نئی تاریخ رقم

یہ شاندار کامیابی فیصل بینک کے دور اندیش اور جدید وژن کی عکاسی ہے

کراچی (کامرس ڈیسک) فیصل بینک لمیٹڈ (ایف بی ایل) نے اپنے چائنیز فن ٹیک شراکت دار اداروں کے مشترکہ طور پر قلیل مدت میں 100 ارب روپے سے زائد کی ڈیجیٹل ریٹیل ادائیگیاں کر کے نئی تاریخ رقم کردی ہے۔ یہ شاندار کامیابی فیصل بینک کے دور اندیش اور جدید وژن کی عکاسی کرتی ہے، جس کے ذریعے بینک نے ڈیجیٹل ادائیگیوں کے شعبے میں محفوظ اور نقدی سے پاک لین (باقی صفحہ 03 بقیہ نمبر 34)

کراچی: کیش وین سے 2 کروڑ سے زائد رقم چھن گئی

مسلح ملزمان کیش وین میں سوار سیکیورٹی گارڈ سے اس کی رائفل بھی چھین کر فرار ہوئے

کراچی (مانیٹرنگ ڈیسک) منگھوپیر بنا ظم آباد کلمہ چوک کے قریب ڈکیتی کی واردات کے دوران کیش وین سے 2 کروڑ 32 لاکھ 84 ہزار 580 روپے چھینے جانے کے واقعے کی سی سی ٹی وی فوٹیج سامنے آگئی، مسلح ملزمان کیش وین میں سوار سیکیورٹی گارڈ سے اس کی رائفل بھی چھین (باقی صفحہ 03 بقیہ نمبر 35)

حکومت غذائی اشیاء کی ذخیرہ اندوزی اور منافع خوری پر نظر رکھیں

زبیر طفیل

دریائے چناب، راوی اور ستلج میں کئی مقامات پر انتہائی اونچے درجے کا سیلاب ہے، صدر یو بی جی

سندھ حکومت متوقع سیلاب سے لوگوں کی جان و مال کے تحفظ کیلئے فوری اقدامات کرے

کراچی (کامرس رپورٹر) نائیٹ بزنس گروپ (یو بی جی) کے صدر اور ایف پی سی سی آئی کے سابق صدر زبیر طفیل نے سندھ میں ممکنہ سیلابی صورتحال پر حکومت کو کڑی نگاہ رکھنے کا مشورہ دیتے ہوئے کہا ہے کہ سیلاب نے پی کے اور پنجاب میں جو تباہی مچائی ہے اس کو مدنظر رکھتے ہوئے سندھ حکومت فوری اقدامات کرے تاکہ لوگوں کی جان و مال کا تحفظ ہوسکے۔ زبیر طفیل نے کہا کہ بھارت کی جانب سے پاکستان میں آنے والے دوسرا بڑا سیلابی ریلا دریائے چناب میں داخل ہونے سے دریائے چناب، راوی اور ستلج میں کئی مقامات پر انتہائی اونچے درجے کا سیلاب ہے، سیلابی ریلا پنجاب اور خیبر پختونخوا میں تباہی مچانے کے بعد کل سندھ میں داخل ہورہا ہے۔ انہوں نے کہا کہ پاکستان آبادی کے اعتبار سے موسمی تغیرات سے متاثر ہونے والا سب بڑا ملک ہے، ماحولیاتی (باقی صفحہ 03 بقیہ نمبر 31)

بزنس مین گروپ کے سربراہ زبیر موتی والا کراچی چیمبر کے صدر جاوید بلوانی، چیئرمین افروز ٹیکسٹائل ملز فیروز عالم لاری اور حرالاری ٹیپو سلطان روڈ پر ''بیڈ اینڈ باتھ'' آؤٹ لیٹ کا افتتاح کررہے ہیں

100 برس سے بند قیمتی جواہرات سے بھرے بینک والٹ کو کھولنے کا فیصلہ

یہ خزانہ 1908 میں ڈھاکا کے نواب خاندان نے مالی مشکلات کے باعث بینک میں بطور ضمانت رکھا تھا

ڈھاکا (مانیٹرنگ ڈیسک) بنگلہ دیش حکومت نے ایک صدی سے زائد عرصے سے بند پڑے خزانوں سے بھرے بینک والٹ کو کھولنے کا فیصلہ کرلیا ہے، جس میں دعویٰ کیا جاتا ہے کہ دنیا کے مشہور ہیروں میں سے ایک دریائے نور بھی موجود ہے۔ یہ خزانہ 1908 میں ڈھاکا کے نواب خاندان نے مالی مشکلات کے باعث بینک میں بطور ضمانت رکھا تھا۔ عدالتی ریکارڈ کے مطابق اس خزانے (باقی صفحہ 03 بقیہ نمبر 36)

چیئرپرسن نیوٹیک گلمینہ بلال کا آئی سی سی آئی کا دورہ

کنوینر ایکسپورٹ آف مین پاور اینڈ اوورسیز پاکستان بیز میٹی آئی سی سی آئی عمر حنان قریشی بھی ہمراہ تھے

اسلام آباد (کامرس ڈیسک) چیئرپرسن نیشنل اوویشنل اینڈ ٹیکنیکل ٹریننگ کمیشن (نیوٹیک) گلمینہ بلال احمد نے ایس آئی ایس کے ڈائریکٹر سلیمان مرزا اور تکامل (Takamol) کے ذیشان علی کے ہمراہ اسلام آباد چیمبر آف کامرس اینڈ انڈسٹری (آئی سی سی آئی) کا دورہ کیا اور آئی سی سی آئی کے صدر ناصر منصور قریشی سے ملاقات کی۔ اجلاس میں پاکستان اوورسیز ایمپلائمنٹ پروموٹرز ایسوسی ایشن (پی او ای پی اے) کے چیئرمین فہیم اقبال کی قیادت میں اوورسیز پروموٹرز کا وفد بھی شامل تھا۔ (باقی صفحہ 03 بقیہ نمبر 37)

لاہور، جشن عید میلاد النبیؐ کے موقع پر باغبانپورہ بازار کو سجایا جارہا ہے

کسٹمز ہیلتھ کیئر سوسائٹی نے کے پی کے میں امدادی سرگرمیاں شروع کردیں

پہلے روز سی ایچ سی ایس کی میڈیکل ٹیم نے تقریباً 150 مریضوں کا معائنہ کیا

پشاور (کامرس ڈیسک) کسٹمز ہیلتھ کیئر سوسائٹی (سی ایچ سی ایس) جو 1998ء سے انسانی خدمت کے مشن کے تحت ایک غیر منافع بخش ادارے کے طور پر کام کررہی ہے نے خیبر پختونخوا اور پنجاب کے سیلاب سے متاثرہ علاقوں میں بیک وقت ہنگامی امدادی سرگرمیاں (باقی صفحہ 03 بقیہ نمبر 46)

آبپاشی کا عملہ 24 گھنٹے بند پر موجود ہے، امیر بخش مہر

کنڈھکوٹ (مانیٹرنگ ڈیسک) ممکنہ سیلاب سے نمٹنے کیلئے سندھ حکومت کی جانب سے سیلاب اور بارش کی ہنگامی ٹیم نے فوکل پرسن صوبائی وزیر برائے ایکسائز اینڈ نارکوٹکس مکیش کمار چاؤلہ اور ایم پی اے میر نادر خان مگسی کنڈھکوٹ ٹوری بند پر ممکنہ سیلاب اور پانی کی صورتحال کا جائزہ لینے کیلئے پہنچے، صدر آصف زرداری، بلاول زرداری اور وزیراعلیٰ سندھ کے احکامات پر ممکنہ سیلابی صورتحال کا جائزہ لے رہے ہیں، ایم (باقی صفحہ 03 بقیہ نمبر 45)

ویمن انکیوبیشن سینٹر خواتین کو بزنس کی دنیا میں آگے بڑھائے گا

سیالکوٹ (کامرس ڈیسک) صدر سیالکوٹ چیمبر آف کامرس اینڈ انڈسٹری (ایس سی سی آئی) اکرام الحق نے کہا کہ ویمن انکیوبیشن سینٹر کا قیام خواتین کو بزنس کی دنیا میں آگے بڑھانے کے لیے سنگ میل ثابت ہوگا۔ انہوں نے ویمن انکیوبیشن سینٹر کے قیام پر تبادلہ خیال کرنے کے لیے ڈبلیو سی آئی ایس سیالکوٹ کے عہدیداران اور ویمن ڈویلپمنٹ ڈیپارٹمنٹ حکومت پاکستان کی ٹیم کے ساتھ اجلاس میں شرکت کی۔

روس نے گیس کی برآمد کیلئے یورپی ممالک کا متبادل ڈھونڈ لیا

دورۂ بیجنگ کے دوران صدر ولادیمیر پیوٹن نے چین کے ساتھ معاہدے پر دستخط کردیئے، سالانہ 106 ارب مکعب میٹر گیس فراہم کی جائے گی

یورپی یونین نے چینی اور روسی صدور کی ملاقات کو بین الاقوامی نظام کے لیے چیلنج قرار دے دیا، بیجنگ اور ماسکو نے تنقید کو سختی سے مسترد کردیا

ماسکو (انٹرنیشنل ڈیسک) روس نے یورپی ممالک کو گیس کی برآمد معطل ہوجانے کا متبادل تلاش کرلیا ہے اور اب وہ چین کو سالانہ 106 ارب کیوبک میٹر گیس برآمد کرے گا۔ اس سلسلہ میں دونوں ممالک کے درمیان معاہدے پر دستخط ہوگئے۔ روس کے وزیراعظم مائی سرگئی تسویلیوف نے بتایا کہ صدر ولادیمیر پیوٹن کے دورہ چین کے نتیجے میں روس اور چین نے سالانہ 106 ارب کیوبک میٹر گیس کی فراہمی سے متعلق دستاویزات پر دستخط کیے۔ انہوں نے کہا کہ یہ یورپ کو ہماری ترسیل کا ایک بہت بڑا متبادل ہے جسے یورپی شراکت داروں نے اپنے طور پر مسترد کردیا ہے۔ دوسری جانب یورپی یونین کی اعلیٰ سفارتکار (باقی صفحہ 03 بقیہ نمبر 38)

پی ایم ای ایکس میں 41.353 بلین روپے کے سودے

کراچی (کامرس رپورٹر) پاکستان مرکنٹائل ایکسچینج لمیٹڈ میں گزشتہ روز میٹلز، انرجی، کوٹس اور انڈیکس کے 41.353 بلین روپے مالیت کے سودے ہوئے جن کی مجموعی تعداد 44,206 رہی۔ سب سے زیادہ سودے سونے کے ہوئے جن کی مالیت 23.553 بلین روپے رہی۔ جبکہ بذریعہ کوٹس ہونے والے سودوں کی مالیت 8.069 بلین روپے، پلاٹینیم کے سودوں کی مالیت 2.582 بلین روپے، چاندی کے (باقی صفحہ 03 بقیہ نمبر 41)

وہاڑی چیمبر کا ایگزیکٹو کمیٹی اجلاس کا انعقاد

وہاڑی (کامرس ڈیسک) وہاڑی چیمبر آف کامرس اینڈ انڈسٹری کے سینئر نائب صدر محمد اسحاق کی زیر صدارت ایگزیکٹو کمیٹی کا اہم اجلاس منعقد ہوا۔ اجلاس میں متعدد ایجنڈا پوائنٹس پر غور کیا گیا۔ اجلاس کے آغاز میں 2 اگست 2025 کے پچھلے اجلاس کی کارروائی کی منظوری دی گئی۔ بعد ازاں نئے دفتر کی تزئین و آرائش پر پیش رفت کا جائزہ لیا گیا جبکہ سالانہ جنرل میٹنگ (باقی صفحہ 03 بقیہ نمبر 42) کی تیاریوں، بجٹ، انتظامات

سمندری انٹرنیٹ کیبلز میں خرابی، پاکستان میں انٹرنیٹ سروس متاثر

ہم صارفین کے صبر و تحمل کیلئے ان کے شکر گزار ہیں، ترجمان پی ٹی سی ایل

جدہ (مانیٹرنگ ڈیسک) سعودی عرب میں جدہ کے قریب سمندری انٹرنیٹ کیبلز میں خرابی پیدا ہوگئی ہے جس کے باعث صارفین کو انٹرنیٹ سروس میں خرابی کا سامنا کرنا پڑسکتا ہے۔ ترجمان پی ٹی سی ایل گروپ کے مطابق جدہ کے قریب سمندری انٹرنیٹ کیبلز کی خرابی کے باعث SMW4 اور IMEWE کی بینڈ وڈتھ جزوی طور پر متاثر ہوئی ہے۔ ترجمان کا کہنا تھا کہ پاکستانی صارفین کو مصروف اوقات میں سروس کے معیار میں معمولی کمی کا سامنا ہوسکتا ہے۔ ترجمان کا مزید کہنا (باقی صفحہ 03 بقیہ نمبر 44)

سمیڈا اور پی ایم این کا مائیکرو انٹرپرائزز کی مدد کیلئے اشتراک

دونوں اداروں کے درمیان ڈیٹا شیئرنگ اور دیگر خدمات کے تبادلے کا جائزہ لیا

لاہور (کامرس ڈیسک) سمال اینڈ میڈیم انٹرپرائزز ڈویلپمنٹ اتھارٹی (سمیڈا) اور پاکستان مائیکرو فنانس نیٹ ورک (پی ایم این) نے ملک میں مائیکرو انٹرپرائزز کی مدد کے لیے اشتراک عمل کا فیصلہ کیا ہے۔ دونوں اداروں کی سینئر انتظامیہ نے بدھ کو یہاں سمیڈا کے صدر دفتر میں ایک ملاقات کے دوران مائیکرو انٹرپرائزز کے لئے مالیاتی خواندگی کو فروغ دینے اور فنانس تک (باقی صفحہ 03 بقیہ نمبر 48)

تجارت نیوز

میڈیا گروپ کو ملک بھر سے نمائندگان کی ضرورت ہے،
جو کہ تجارت، معیشت اور کاروبار سے متعلق خصوصی رپورٹس
اور خبریں تیار کرنے کا تجربہ و مہارت رکھتے ہوں

اپنی CV میل یا واٹس ایپ کریں

info@tijaratnews.tv

0307-0610770

افروز ٹیکسٹائلز کے ''بیڈ اینڈ باتھ'' ایکسپورٹ کوالٹی آؤٹ لیٹ کا افتتاح

لوکل کسٹمرز بھی اہمیت کے حامل، عالمی معیار کی مصنوعات پیش کریں گے، فیروز عالم لاری

کراچی (کامرس رپورٹر) افروز ٹیکسٹائلز انڈسٹریز نے کراچی کے علاقے ٹیپو سلطان روڈ پر ''بیڈ اینڈ باتھ'' ایکسپورٹ کوالٹی آؤٹ لیٹ لانچ کردیا جس کا مقصد لوکل کسٹمرز کو عالمی معیار کی ٹیکسٹائل مصنوعات فراہم کرنا ہے۔ نیا آؤٹ لیٹ بیڈ شیٹس، تولیے اور دیگر ہوم ٹیکسٹائل مصنوعات کی ایک منتخب رینج پیش کرتا ہے جو اب پاکستانی صارفین کے لیے دستیاب ہے جو معیار اور پائیداری کو ترجیح (باقی صفحہ 03 بقیہ نمبر 39)

ایس ای سی پی نے آئی ایس ایس بی رپورٹنگ معیارات بنا دیا

رکن ممالک کے کیپٹل مارکیٹ ریگولیٹرز کو ایک پلیٹ فارم فراہم کرتی ہے

کراچی (بزنس رپورٹر) ایس ای سی پی نے کومسک (COMCEC) کیپٹل مارکیٹ ریگولیٹرز (CMR) فورم کی سسٹین ایبلٹی ٹاسک فورس کے لیے ایک ویبینار کا انعقاد کیا۔ ویبینار کا موضوع آئی ایس ایس بی (ISSB) رپورٹنگ معیارات کا نفاذ تھا۔ یہ ٹاسک فورس اسلامی تعاون تنظیم (OIC) کے تحت قائم کی گئی ہے۔ یہ رکن ممالک کے کیپٹل مارکیٹ ریگولیٹرز کو ایک پلیٹ فارم فراہم کرتی ہے تاکہ وہ پائیدار مالیات، (ESG) رپورٹنگ اور بین الاقوامی سسٹین ایبلٹی معیارات (باقی صفحہ 03 بقیہ نمبر 40)

ملتان میں ایک خاتون سیلابی پانی میں کھڑی ہیں جبکہ ایک شخص اپنے خاندان کو سیلاب سے باہر نکال رہا ہے

انٹرن شپ پروگرام اسٹوڈنٹس کے لیے اہم ہیں، کاشف اشفاق

پروگرام طلبا کو نصابی تعلیم اور عملی زندگی کے درمیان فرق کو ختم کرنے کے مواقع فراہم کرتے ہیں

لاہور (کامرس ڈیسک) پاکستان فرنیچر کونسل کے چیف ایگزیکٹو آفیسر میاں کاشف اشفاق نے کہا ہے کہ انٹرن شپ پروگرام یونیورسٹی سٹوڈنٹس میں اعتماد پیدا کرنے اور انہیں جدید ترین علم و ہنر سے آراستہ کرنے میں اہم کردار ادا کرتے ہیں تاکہ وہ مارکیٹ کے بدلتے (باقی صفحہ 03 بقیہ نمبر 43)

سیلاب سے فصلیں تباہ، برآمدات آئندہ اور ہنگامی درآمدات کا مطالبہ

فصلوں کی تباہی نے کروڑوں کاشتکاروں کو برباد کردیا۔ بحال کیا جائے، معاشی بحران بڑھ سکتا ہے، تاجر رہنما شاہد رشید بٹ

نقد امداد، بیج اور کھاد سبسڈی اور قرضوں کی ری شیڈولنگ کرے اور شفاف امپورٹ ٹینڈرز جاری کئے جائیں

اسلام آباد (کامرس ڈیسک) معروف تاجر رہنما شاہد رشید بٹ نے حکومت سے مطالبہ کیا ہے کہ حالیہ سیلاب کے باعث فصلوں کی تباہی کے بعد فوری طور پر اشیائے خورد و نوش کی درامدات شروع اور برامدات پر تین ماہ کے لئے پابندی عائد کی جائے تاکہ عوام کو خوراک کے شدید بحران اور مہنگائی سے بچا جاسکے۔ ان کا کہنا تھا کہ نقصانات 2010 کے تباہ کن سیلاب سے بھی بڑھ سکتے ہیں۔ تاجروں سے خطاب کرتے ہوئے شاہد رشید بٹ نے کہا (باقی صفحہ 03 بقیہ نمبر 49)

کراچی: سبزی مارکیٹ میں دکاندار منہ مانگے دام پر فروخت کررہے ہیں

لاہور: بس میں جگہ نہ ہونے پر مسافروں کو چھت پر سوار کیا جارہا ہے جو کسی بھی حادثے کا باعث بن سکتا ہے

ایڈیٹر محمد صغیر نے قیوم پرنٹنگ پریس آئی آئی چندریگر روڈ کراچی سے چھپوا کر آفس نمبر A-48 بلاک J نارتھ ناظم آباد سے شائع کیا